یوگ آسن پرانا ایام اُردو	25/-
" " " ہندی	25/-
نِتش جیون کا رہسیہ اُردو	25/-
لکشمی شکتی اُردو	25/-
شِو منتر اولی ہندی	30/-
گائیتری شکتی اُردو	25/-
" " ہندی	25/-
مہابھارت ہندی	90/-
مہابھارت درمیانہ ہندی	35/-
شری ہنومان اُپاسنا ہندی	20/-
شِو پران ہندی چھوٹا	20/-
نت نیم اُردو ہندی	10/-
سکھمنی صاحب اُردو ہندی	10/-
گیتا دِل محمد اُردو	30/-
جپ جی سکھمنی صاحب اُردو دِل محمد	30/-
سُندر گٹکا سٹیک پنجابی	27/-
سُندر گٹکا عام پنجابی اردو	15/-
پریم ساگر ہندی اُردو	50/-
جنم ساکھی گورو نانک دیو جی گ	170/-
" " " " اردو	90/-
قرآن شریف اُردو ہندی	50/-
علم الخواب اُردو ہندی	20/-

نام کتاب	قیمت
کارتک مہاتم ہندی۔ اُردو	25/-
ماگھ مہاتم ہندی	20/-
گرڑ پران اُردو۔ ہندی	20/-
شری مد بھاگوت اُردو سیٹ 5 کتابوں کا	90/-
جیوتش	
آئینہ قسمت حصہ سوم	40/-
" " چہارم	40/-
سرِشتہ تقدیر یعنی درشٹی پھل	30/-
رسالہ علم کیرل اُردو ہندی	35/-
درشٹی پھل درپن ہندی	30/-
پرشن درپن ہندی	35/-
گلشن آفتاب اُردو	30/-
آئینہ فلک اُردو	35/-
پرانے سالوں کی جنتریاں فی عدد اُردو۔ ہندی	25/-
پرانی جنتری 5 سالہ سیٹ ہندی	40/-
بھرگو سنگتا ہندی	100/-
ہست ریکھا سامدرک اُردو ہندی	30/-
مان ساگری بھاشا ٹیکہ ہندی	70/-
نیومرولوجی (دائک ودیا) ہندی	30/-
گرہ اور روگ ہندی	30/-
بڑا ہوڑا چکر	25/-
جیوتش شاستر ہندی	30/-
تیزی مندہ سٹہ ہندی	35/-
جیوتش تتو ہندی	30/-
پھل دیپکا ہندی	80/-
دستکاری	
گنجینۂ روزگار اُردو	25/-
بیوپار دستکاری اُردو ہندی	30/-
رہنمائے صابن سازی اُردو	35/-
درزی ماسٹر اُردو ہندی	30/-
پان کی دُکان اُردو ہندی	35/-
باورچی خانہ اُردو ہندی	30/-
مُرغی خانہ اُردو ہندی	30/-
فلم ایکٹنگ گائیڈ ہندی	25/-
جواہرات کا ڈھیر اُردو	30/-
گھڑی سازی ہندی	30/-
بوٹ پالش ہندی	30/-
سٹیل پالش بنانا [illegible]	25/-
وارنش گائیڈ ۔ [illegible]	25/-

نام کتاب	قیمت
ہدایت خاوند۔ ہندی اُردو	20/-
بھوجن راہسی صحت اُردو ہندی	20/-
حکمت	
ایلوپیتھک گائیڈ ہندی	50/-
پیٹنٹ میڈیسن ہندی اُردو	30/-
میڈیکل گائیڈ ہندی اردو	35/-
انجکشن گائیڈ ہندی	35/-
گھر کا وید نسخہ جات ہندی	30/-
طبی نسخے خورد اُردو	15/-
بوٹی پرکاش ہندی۔ اُردو	35/-
طب دارالشفا پنجابی	50/-
کمپوڈری گائیڈ ہندی	30/-
گپت روگوں کا علاج ہندی اُردو	35/-
علاج مویشی ہندی اُردو	35/-
متفرق	
کوک شاستر اُردو ہندی	35/-
سلائی کٹائی ہندی اُردو	30/-
رسوئی شکشا ہندی	30/-
سُہاگ رات ہندی اردو	50/-
ہارمونیم گائیڈ ہندی	30/-
ہندی انگلش ٹیچر	25/-
اردو ہندی ٹیچر پنجابی	25/-
ٹریکٹر گائیڈ ہندی پنجابی	30/-
امرت ساگر اردو ہندی	90/-
علاج الغربا اردو	40/-
پنجابی کی دھارمک کتابیں	
جنم ساکھی گورو نانک دیو جی بڑی بھائی والے والی پنجابی اُردو	175/-
گر بھگت مال پنجابی	90/-
ساکھی پرمان "	90/-
نرنکاری چمتکار "	95/-
دشمیش چمتکار "	95/-
سوڈھی چمتکار "	95/-
واراں بھائی گورداس "	90/-

نام کتاب	قیمت
مہابھارت پنجابی	90/-
سنکٹ موچن گ "	20/-
بچتر ناٹک اُردو "	35/-
ظفرنامہ اُردو ہندی	35/-
ہیر وارث علی شاہ اُردو پنجابی	50/-
رامائن تلسی داس پنجابی	70/-
رامائن بالمیک اردو پنجابی	80/-
شردھا پورن پنجابی	40/-
کتھا ساگر پنجابی	50/-
دیپ سکھمنی صاحب پنجابی	50/-
سُندر گٹکا اُردو	30/-
سُندر گٹکا سٹیک پنجابی	27/-
پنج گرنتھی پنجابی	25/-
بھگت بانی "	25/-
دس گرنتھی "	25/-
سو ساکھی "	60/-
جنتر۔ منتر۔ جادو وغیرہ	
منتر شکتی ہندی	30/-
علم مسمریزم ہندی	25/-
اندرجال ہندی اُردو	25/-
اندرجال خورد ہندی	40/-
اندرجال کلاں ہندی	60/-
وشی کرن منتر ہندی اردو	25/-
نقش سلیمانی اُردو ہندی	30/-
چین بنگال کا جادو ہندی اُردو	30/-
جادوگری شکشا ہندی	30/-
تماشں کا جادو ہندی اردو	30/-
کوا تنتر ہندی	30/-
اُلو تنتر ہندی	30/-
علم التسخیر حیات اُردو	30/-
عملیات تسخیر اُردو	35/-
شو منتر اولی ہندی	30/-
جنتر زندہ کرامات	60/-

نوٹ:- آرڈر بھیجتے وقت 50 روپے پیشگی بھیجیں یا زائد کتابیں منگوانے پر نصف رقم پیشگی روانہ کریں۔ ڈاکخرچ بذمہ خریدار ہوگا۔ کسی کتاب کی قیمت میں ترمیم کی صورت میں موجودہ رقم چارج کی جائے گی۔ ملٹری کے فوجی بھائی 56 APO C/O کے پتہ پر منگوانے والے حضرات کتابوں کی پوری رقم بمعہ ڈاک ایڈوانس روانہ کریں بذریعہ منی آرڈر

جنرل بکڈپو اڈہ ہوشیارپور جالندھر پنجاب۔ فون 57949

تفصیل بابت سورج اور چندر گرہن برائے سال ۱۹۹۳ء

۱۹۹۳ء میں زمین پر کل چار گرہن لگیں گے - ان میں سے دو سورج گرہن دو چندر گرہن لگیں گے - بھارت ورش میں صرف مکمل چندر گرہن تاریخ ۴ جون ۱۹۹۳ء والا بھارت ورش میں دکھائی دے گا - اوپر لکھے گرہنوں کا مختصر بیورہ اس طرح سے ہوگا۔

گرھن کا مکمل ویروہ

۱ - کھنڈ سورج گرہن ۲۱ مئی ۱۹۹۳ء بروز شکروار
۲ - مکمل چندر گرہن ۴ جون ۱۹۹۳ء بروز شکروار
۳ - کھنڈ سورج گرہن ۱۳ نومبر ۱۹۹۳ء بروز سنیچروار
۴ - مکمل چندر گرہن ۲۵ نومبر ۱۹۹۳ء بروز سوموار

اِن گرہنوں میں سے صرف ۴ جون ۱۹۹۳ء والا چندر گرہن ہی بھارت ورش میں مکمل دکھائی دے گا - ان میں تین گرہن بھارت میں دکھائی نہیں دیں گے - اور سبھی گرہنوں کا بیورہ اس طرح نیچے لکھ رہے ہیں -

۱ ـــــ کھنڈ سورج گرہن - ۲۱ مئی ۱۹۹۳ء میں یہ گرہن جیٹھ کرشن اماوس بروز شکروار کو بھارتیہ سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق شام ۶ بجکر ۱۵ منٹ پر شروع ہوگا - شام ۷ بجکر ۳۸ منٹ پر اس گرہن کا درمیانہ وقت ہوگا - یہ گرہن نیپلس اُتری آسٹریلیا، پوربی ایشیا کے پُورگام پردیشوں، جاپان ـــ پرشانت مہاساگر، امریکہ - یورپ کے کچھ دیشوں میں دکھائی دے گا - بھارت میں یہ گرہن دکھائی نہیں دے گا - اس کا کھیہ وچار نہیں ہوگا۔

۲ ـــــ کھنڈ گراس چندر گرہن - ۴ جون ۱۹۹۳ء یہ گرہن جیٹھ شکل پورنیماں بروز شکروار کو شام جیشٹھا نکشتر میں شام ۴ بجکر ۳۴ منٹ سے شروع ہو کر سٹینڈرڈ ٹائم - ۔ ۸ بجکر ۲۱ منٹ تک رہے گا - بھارت میں یہ گرہن سب جگہ گرہست اُودھے طور میں دکھائی پڑے گا - اکشانش بھید اور چندر طلوع میں فرق کی وجہ سے اس گرہن کے موکش کال میں چند منٹوں کا فرق پڑ سکتا ہے - اس گرہن کے شروع درمیان اور ختم کا وقت بھارتیہ سٹینڈرڈ ٹائم میں اس پرکار سے ہے -

بھارتیہ سٹینڈرڈ ٹائم گھنٹہ منٹوں میں	گرہن بیورا
۴ بجکر ۳۴ منٹ شام کے	گرہن کا سپرش شروع
۵ " ۳۷ " شام	گرہست اودھت گرہن
۶ " ۳۴ " شام	گرہن کا درمیان کال
۸ " ۲۱ " رات	گرہن موکش
۳ " ۳۸ "	گرہن کا پرب کال

گرہست اُودھت چندر گرہن ۴ جون ۱۹۹۳ء

گرہن شے — پرم گرہن — گرہن شے — گرہست اودھے — ۵/۳۷ — ۶/۳۴ — ۷/۰ — پیرس مرتی

گرہن کا سوتک

اس گرہن کا سوتک ۴ جون صبح ۷ بجکر ۳۴ منٹ سے شروع ہو جائے گا - گرہن کے سوتک اور گرہن کال فضول گھومنا، بھوجن (کریا) سونا وغیرہ مورتی سپرش رہنسنا ہنسانا، شراب پینا، بھوگ کرنا - مانس کھانا اور ورجت کاموں کا تیاگ کرنا چاہیئے گربھ وتی مہلاؤں کو اس کال میں وشیش ساودھانی برتنی چاہیئے - ضروری حالات میں بچے، بوڑھے بیمار لوگوں کو بھوجن وغیرہ کرنے میں کوئی دوش نہیں -

گرھن کال میں ہردوار، کورکشیتر - پریاگ راج - کاشی اور تیرتھ پر اشنان دان پاٹھ، شرادھ ترپن - ہوم آدھی کا انوکرن کرنے کا وشیش کاریہ ہوتا ہے - گرہن پرانت بھی اشنان دان پاٹھ ہوں کا انوکرن اور اناج، بستر، برتن (سیو، دان) کرنا شبھ ہوتا ہے -

گرہن کا راشی پھل :-

اوپر لکھے گرہ سے اُودھت چندر گرہن جیشٹھا نکشتر اور برشچک راشی میں گھٹت ہو رہا ہے - اس کے انحصار جیشٹھا نکشتر اور برشچک راشی والے لوگوں پر خاص طور پر ناقص پھل دے گا - میکھ وغیرہ دوسری راشیوں پر اس گرہن کا پھل اس طرح ہوگا -

راشی	میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تُلا	برشچک	دھن	مکر	کمبھ	مین
گرہن پھل	سکھ کی پراپتی	عورت مرد کشٹ	بیماری کا ڈر	مان ہانی	لابھ سکھ	دھن لابھ	دھن ہانی	چوٹ ڈر	دھن کا نقصان	دھن لابھ	چوٹ ڈر	چنتا کشٹ

گرہست اُودھے گرہن کا پھل :-

گرہست اودھت چندر گرہن کا پھل ناقص کہا گیا ہے - اس میں راجاؤں میں آپسی جنگ کا ڈر، پرجا کا ناش، براہمن ورگ میں ڈر اور ٹھیک جگہ پر سماچار سننے کو ملے، سورج چندرماں گرہن کا سمت راجہ یدھ پرجا کا ناش سرد گرست اودھت دکھی - جیشٹھا نکشتر میں گرہن لگنے کی وجہ سے راجہ - براہمن، نیچی جاتی، دھنوان، سیناپتی دشراب پینے والوں کو پیٹ درد اور دکھ ہو، کہیں بارش کی کمی - کرشی دلو ڈھے کا ناش، گیہوں، دھان، سونا اور دھاتوں میں تیزی کے جھٹکے لگیں گے -

۳ - کھنڈ سورج گرہن :-

۱۳ نومبر ۱۹۹۳ء میں یہ گرہن کرانتک کرشن پکش کی اماوس تتھی سنیچروار کو بھارتیہ سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ۱۳ نومبر کو آدھی رات اور ۱۴ نومبر کی صبح ۲ بجکر ۱۷ منٹ سے شروع ہوگا - صبح ۳ بجکر ۳ منٹ کھنڈ سورج گرہن کا مدھیہ کال ہوگا یہ گرہن شانت مہاساگر اُتری امریکہ کے دکھشنی جگہوں، دکھشنی امریکہ - آسٹریلیا الانٹک مہاساگر میں دیکھا جا سکے گا - بھارت میں یہ گرہن دکھائی نہیں دے گا اور بھارت میں اس کا اثر نہیں ہوگا -

۴ - مکمل چندر گرہن :-

۲۹ نومبر ۱۹۹۳ء میں یہ گرہن کرانتک شکل پورنماشی، سوموار کو بھارتیہ سٹینڈرڈ کے انحصار دوپہر ۱۲ بجکر ۱ منٹ پر لگے گا - یہ گرہن مدھیہ کال ہوگا - یہ گرہن اروپ کے آدمی کا نش بھاگوں میں افریقہ اتری، اور دکھشنی امریکہ میں دکھائی دے گا - بھارت میں یہ گرہن دکھائی نہیں دے گا،

خیر اندیش :- پنڈت پنا لال جیوتشی ایم - اے - جالندھر

گرہوں کی آسمانی کونسل کا بیان بابت سال سنہ ۱۹۹۳ء

سرو شکتی مان ایشور کی اپار کرپا درشٹی سے مفید عالم جنتری کو شائع ہوتے ۱۱۸ برس گزر چکے ہیں۔ ان ۱۱۸ سالوں میں مفید عالم جنتری کو جو ہردلعزیزی اور شہرت حاصل ہوئی ہے، وہ اس کے قدردانوں سے پوشیدہ نہیں ہے۔ بھارت اور غیر ممالک سے اس کے قدردانوں کے اس کی تعریف کے خطوط آرہے ہیں۔ کہ اس میں ہر سال نئی نئی معلومات اور پیشنگوئیاں لکھی ہوئی ہیں۔ جو ایشور کی کرپا سے بہت حد تک صحیح اور درست ثابت ہوئی ہیں۔ اس کے لئے گزشتہ سالوں کی جنتریاں اور اس کی سالانہ اشاعت زندہ ثبوت ہیں۔ سنہ ۱۹۴۷ء سے لے کر گذشتہ برسوں کی پیشنگوئیاں جواب تک درست ثابت نکلیں، سنہ ۱۹۸۴ء میں صفحہ نمبر ۶ کالم پر مرکزی وزارت میں اچانک تبدیلی اور بہت سے مقامات پر دنگے اور فسادات کی وارداتیں ہونا اور کسی اہم لیڈر کی اچانک وفات (جیسا کہ: پردھان منتری شریمتی اندرا گاندھی کا قتل) صفحہ نمبر ۶ کالم ۲ پر سنہ ۱۹۸۵ء میں سال کے اول نصف میں مرکزی وزارت میں اہم تبدیلیاں ہونا۔ ماہ اگست ستمبر میں بہاہ۔ پنجاب میں زیادہ بارش کے یوگ، جانی و مالی نقصان ہونا صفحہ ۱۳ کالم پر سنہ ۱۹۸۶ء میں جموں و کشمیر میں توڑ پھوڑ آگ زنی اور قاتلانہ وارداتیں ہونا۔ (۲) سنہ ۱۹۸۷ء کی جنتری میں سال کے نصف میں کم بارش کی وجہ سے قحط کے حالات اور پنجاب، ہماچل، ہریانہ میں فصلوں کو سوکھے سے نقصان سنہ ۱۹۸۸ء کی مفید عالم جنتری میں پاکستان کے صدر کی اچانک موت ہونے کے متعلق صاف طور پر پڑھیں۔ دیکھیں صفحہ نمبر ۱۸ کالم پر پڑھیں۔ پنجاب میں دہشت گردی اور توڑ پھوڑ اور خونی حادثات پیش آئیں گے۔ سنہ ۱۹۸۹-۹۰ء میں بھارت کے سیاسی ادارے میں زبردست تبدیلیاں ہونا اور کانگریس کے وقار کو ٹھیس پہنچنا۔ صفحہ ۱۶ کالم ۱ پر۔ سنہ ۱۹۹۱ء کی صفحہ ۱۵ پر کسی اہم شخصیت کی اچانک موت، جیسا کہ شری راجیو گاندھی کی وفات سے ہو۔ پاکستان میں بھی حکومت کا گرنا۔ صفحہ ۱۶۔ اور سنہ ۱۹۹۲ء کی جنتری میں اُتر پردیش، جموں کشمیر، بہار وغیرہ صوبوں میں دنگے اور فسادات ہونا اور سیلاب وغیرہ سے جانی و مالی نقصان ہونا۔ دیکھیں صفحہ نمبر ۱۹-۱۸) افغانستان۔ امریکہ پاکستان۔ کوریا وغیرہ ملکوں میں زبردست سیاسی تبدیلیاں ہونا (صفحہ ۱۶ کالم ۲) پاکستان میں سیاسی طور پر مخالف پارٹیوں کے ٹکراؤ کے حالات ہونا (صفحہ ۱۷ کالم ۲) وغیرہ بہت سی پیشنگوئیاں خود منہ بولتی سچائی پیش کرتی ہیں۔

سنہ ۱۹۹۳ء میں گرہوں کی آسمانی کونسل کا دُنیا پر اثر

بکرمی سمت ۲۰۵۰ میں آکاشی کونسل کے دس ادھیکاروں میں سے آٹھ ادھیکار (آدارہ) اول گرہوں کو اور دو (۲) ادھیکار پاپی گرہوں کو حاصل ہوئے ہیں۔ راجہ کا خاص عہدہ گرہ بدھ کو ملا ہے۔ جبکہ برس منتری کا ادھیکار پاپی گرہ منگل کو ملا ہے۔ پھل کے طور سے آئندہ برس میں خوب بارش ہوگی۔ گندم۔ دھان وغیرہ کی پیداوار اچھی ہوگی۔ دھن اور دولت کی بردھی ہوگی۔ بدھ کے زیر اثر سے انیک طرح کے بیوپار اور ادھیوگوں میں اضافہ ہوگا۔ غیر ملکی تجارت میں اضافہ ہوگا۔ کھیتی باڑی یعنی پیداوار اور دھاتوؤں کا مالک شکر ہونے سے دھان، گندم، کپاس روئی اور چاندی۔ موتی، سونا وغیرہ کھنج پدارتھوں کی پیداوار میں ترقی ہوگی۔ دولت کا مالک برہسپت ہے۔ اور بارش۔ پھل اور فوج کا مالک چندرماں ہونے سے بہت طرح کے ملکی اور غیر ملکی صنعتوں کو بڑھاوا دیا جاوے گا۔ بیوپاری ادارے میں دولت کے پھیلاؤ میں اضافہ ہوگا۔ کریانہ، بیوپاری اور دیگر بیوپار میں لگے۔ لوگ زیادہ منافع کمائیں گے۔

بیائے نامک سمت اور منتری منگل کے پھل کے مطابق سُکھ سادھنوں اور عیش و آرام پر خرچ زیادہ کریں گے۔ لوگ شراب۔ مانس۔ تامسک چیزوں کا زیادہ استعمال ہوگا۔ بھوگ بلاس میں لوگ زیادہ رہیں گے۔ منتری منگل کی وجہ سے انیک دشمن راشٹر نیتاؤں کے درمیان تناؤ بڑھے گا اور دشمنی پیدا ہوگی۔ فرقہ پرستی۔ فسادات۔ جرائم۔ خطرناک وارداتیں۔ آتشزنی کی وارداتیں زیادہ ہوں گی۔ صنعتوں میں ترقی، اور کھیتی باڑی میں اضافہ کے علاوہ سب طرح کے اناج۔ سونا۔ چاندی وغیرہ دھاتوؤں اور دوسری الیکٹرانک پٹرول کی چیزوں کے نرخ تیز ہوں گے،

سنسار کی خاص حرکتوں کا جوتش آدھار پر دیا کھیان کرنے سے پہلے نئے سال کی پرویش کنڈلی اور جگت لگن میں گرہوں کا وچار کرنا شُبھ ہوگا۔

برس پرویش کنڈلی اور جگت لگن

بکرمی سمت ۲۰۵۰ کا شُبھ ارمبھ چیت بدی اماوش منگلوار ۱۵ گھڑی ۳۵ پل کے مطابق دوپہر ۱۲ بجکر ۴۶ منٹ پر اُترا بھادر پد نکشتر میتھن لگن میں داخل ہوا۔ ورش کنڈلی میں گرہوں کے مطابق میتھن لگن ہونے سے سال میں خلافات بہت ہوں گے۔ پوربی دیشوں میں فصلوں کو بہت نقصان ہو، اُتر دکن دیشوں میں بارش بہت ہو۔ وہاں دھان کی پیداوار اچھی ہوگی۔ پچھم دیشوں میں بارش کم اور کہیں حکومت تبدیل ہو، مدھیہ پردیش میں پیداوار میں کمی۔ اور مویشیوں میں بیماری ہو۔ نئے سال کی پرویش کنڈلی لگن بھاؤ پر منگل دشمن راشی کا ہے۔ منگل نئے سال کا وزیر بھی ہے۔ سنسار کے بہت دیشوں میں جیسے اُتری امریکہ۔ پوربی افریقہ۔ سان فرانسسکو۔ الجریا۔ افغانستان اور کسی عرب راشٹر میں اچانک منتری منڈل میں ردوبدل ہوگا۔ کچھ نئے کمیونسٹ راشٹر گن ملکوں میں جمہوریت کی لہر بڑھے گی۔ دھن راشی پر یورینس و نیپچون کا یوگ اور منگل کی نظر ہونے سے ہنگری، بلغاریہ، افغانستان۔ یوگوسلاویہ، کروشیا وغیرہ دیشوں میں گپت لڑائیاں اور آتشزنی کے واقعات ہوں گے کہیں فوجی جھڑپیں توڑ پھوڑ اور آتشزنی کی وارداتیں ہوں گی۔

نو ورش پرویش کنڈلی ۱۲ گھڑی ۴۶ پل

۱
۲ کیتو
۳ منگل
۴
۵
۶ برہسپت
۷
۸ پلوٹو راہو
۹ یورینس نیپچون
۱۰
۱۱
۱۲ سورج چندرماں شکر

جگت لگن داخلہ کنڈلی اور ملکی حالات

سمت ۲۰۵۰ میں جگت لگن بیساکھ کرشن اشٹمی تتھی منگلوار اُتر کھاڑا نکشتر اور سِدھ یوگ میں ۔۴۰ گھڑی ۴۸ پل پر برشچک لگن میں داخل ہوا ۔ لگن بھاؤ میں الگ تعلق گرہ راہو اور پلوٹو موجود ہیں، ان پر سینچر کی خاص دسویں نظر پڑ رہی ہے ۔ مکر راشی پر برہسپت کی نیچ نظر پڑ رہی ہے ۔ کنڈلی میں برشچک ۔

جگت لگن کنڈلی ۲۲ گھنٹہ ۲۵ منٹ

۶	برہسپت
۷	
۸	پلوٹو ۔ راہو
۹	یورینس چندرماں نیپچون
۱۰	
۱۱	سینچر
۱۲	بدھ شکر
۱	سورج
۲	کیتو
۳	منگل
۴	
۵	

برکھ، میقن ۔ کنیا ۔ دھن ۔ اور مین راشیاں خاص طور سے ان پر اثر ہو رہا ہے ۔ پھل سروپ ۔ الجیریا ۔ آئرسیریا ۔ برازیل ۔ جانبیہ ۔ ایران آسٹریلیا آئرلینڈ ۔ بلغاریہ ۔ افغانستان ۔ امریکہ ۔ بلجیم ، پورب پچھم افریقہ پاکستان عرب دیش ۔ پرتگال بھارت کا اتری پچھمی حصہ بنگلہ دیش چین وغیرہ دیشوں پر خراب اثر رہے گا ۔ بہت سے ملکوں میں اندرونی طور سے اور افغانستان ۔ بنگلہ دیش ۔ مارشیش ۔ دکھنی افریقہ وغیرہ دیشوں میں کرانتی کاری تبدیلیاں ہوں گی ۔ وہاں لوک تانترک شکتیوں کے وکاس کرم میں رکاوٹیں پیش آئیں گی ۔ خاص کر اپریل سے ۱۱ جولائی تک خاص آتشزدگی کے یوگ ہیں ۔

جگت کنڈلی سے آئندہ سال کا ذاتی وچار ۔ جگت لگن سے اچھا بُرا وچار جنم کنڈلی میں اپنی جنم راشی یا نام راشی جس بھاؤ راشی پر پڑے ویسا ہی پھل جانے ۔ جگت کنڈلی کے ۱۲ خانوں کو ۱۲ مہینے مان کر ان میں بیٹھے شبھ یا پاپی گرہوں کے مطابق بُرا پھل جانئے ۔

لگن سے خانہ ول ۱۲ بھاؤ بیساکھ سے شروع کر کے اُس کے مطابق ۱۲ مہینوں کا اچھا بُرا پھل جانئے ۔ جبکہ آپ کی راشی جگت لگن کے خراب گرہوں کے یوگ سے اور خراب گرہوں کی نظر ہو یا جگت سے ۶ ۔ ۸ ۔ ۱۲ ۔ بھاؤ میں پڑتی ہو ۔ تو اگلا سال روگ ، شوک ۔ گپت دشمن کا ڈر ۔ فضول خرچی ۔ دھن کا نقصان ۔ آمدنی میں کمی رہے گی ، اُپائے کے طور پر بیساکھ سنکرانتی کے دن اپنے اشٹ دیو کا زیادہ سے زیادہ جاپ کرنا اپنی حسب توفیق اناج ۔ بستر ۔ دکھشنا کا دان شبھ ہوگا ۔

گرہ گوچر اور دُنیا کے حالات

سال کے شروع میں برہسپت ۔ شکر کے درمیان آپسی سمبندھ چل رہا ہے ۔ برہسپت شکر دونوں وکری حالات میں ہیں ۔ سال کا منتری منگل ہی ۱۴ اپریل ۱۹۹۳ء سے پنچ راشی (کرک) میں داخل ہوگا ۔ یہ خاص طور سے کرک ، تُلا ، مکر اور کنبھ راشی والوں کے لئے ہمیشہ مشکلات کے حالات پیدا کرے گا ۔ جس کے مطابق افریقہ ۔ ہالینڈ ، آسٹریلیا ۔ ارجنٹائنا ۔ افغانستان ۔ بلغاریہ ۔ بھارت ۔ پاکستان گریس ۔ برازیل ۔ چین ۔ روس ۔ شری لنکا ۔ ایران ۔ آئرلینڈ وغیرہ ملکوں میں زبردست تبدیلی ہونے کے یوگ ہیں ۔ آتشزنی ہوائی حادثے اندرونی گڑبڑ ۔ قتل و غارت اور دیگر دھماکہ خیز واردات ہونے کے یوگ ہیں ۔ کہیں حکومت میں تبدیلی ہونے کے اشارات ملتے ہیں ۔ ۱۳ جون کو برکھ راشی پر سورج ۔ کیتو کی درجہ گت یوتی ۔ ۴ جون کو جیشٹا نکھشتر اور برشچک راشی میں چاند گرہن لگنا ۔ امریکہ روس ایران ۔ جانبیا ۔ پاکستان الجیریا وغیرہ ممالک کے لئے ناقص ہوگا ۔ کسی حکومت میں ۱۲ جون سے یکم اگست تک شنی منگل کے درمیان سم سپتک یوگ اور ۲۱ جون سے ۳ جولائی کے درمیان ۱۳ دن کا پکھ (ہاڑ شدی) ہونے سے مسلم ملکوں کے درمیان خاص کر پاکستان ، افغانستان ، ایران ۔ عراق میں اندرونی گڑبڑ سیاسی ٹکراؤ اور دھماکہ خیز وارداتیں ہوں گی ۔

گذشتہ سالوں کے تجربات سے بھی یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ تیرہ دن کے پکھ کا اثر ہمیشہ (بہت خراب اور ناقص وارداتوں کو پیدا کرتا رہا ہے) ۔ مہا بھارت کی جنگ عظیم کے وقت بھی تیرہ روز کے پکھ کا حوالہ ملتا ہے ۔ اس کے علاوہ سن عیسوی سنہ ۱۹۴۳ء ، سنہ ۱۹۴۵ء ، سنہ ۱۹۴۸ء ، سنہ ۱۹۵۹ء ، سنہ ۱۹۶۲ء سنہ ۱۹۷۳ء کے گذشتہ سالوں کے دوران بھی تیرہ روز کا پکھ منعقد ہوا تھا ، ظاہر ہے کہ اوپر لکھے سالوں کے دوران دیگر اہم دھماکہ خیز اور ناقص واقعات ہوئے ۔ جیسے سنہ ۱۹۴۳ء میں جنگ عظیم دوئم ہونا ، سنہ ۱۹۴۵ء میں جاپان پر دو خطرناک ایٹمی بموں کا گرنا ، سنہ ۱۹۴۷ء میں ہندوستان کا آزاد ہونا اور سنہ ۱۹۴۸ء میں مہاتما گاندھی کی موت ہونا ، سنہ ۱۹۵۹ء میں چین کا تبت پر حملہ کر کے قبضہ کرنا ۔ سنہ ۱۹۶۲ء میں چین اور بھارت کے درمیان جنگ ہونا ، سنہ ۱۹۷۳ء میں عرب اسرائیل کی لڑائی اور بھارت میں اندرا کانگریس حکومت کا جدوجہد کے بعد پھر قائم ہونا وغیرہ واقعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ آئندہ برس بھی تیرہ دن کے پکھ کا اثر (میل) اچھا نہیں رہے گا ۔ کئی مقام پر سے جنگ لڑائی فسادات کی وارداتیں ہونگی ۔ کہیں سیلاب ۔ بھونچال سوکھہ قحط ہو تو کہیں بارش کی زیادتی کی وجہ سے سمندری طوفان اور سیلاب وغیرہ قدرتی آفات کی وجہ سے دھن دولت اور لوگوں کی بربادی ہونے کے یوگ ہیں ۔ کہیں حکمران کے درمیان فوجی جھڑپیں ٹکراؤ ہوں گے تو کہیں ملکوں کے اندرونی حصوں میں مذہبی فسادات ، دہشت گردی ۔ جنگ ، لڑائی کی وارداتیں ، آتشزنی ۔ حکومت میں تبدیلی اور کہیں جنگ کے بادل منڈلائیں گے ۔ ۱۵ جولائی کو شکر ۔ کیتو کی یتی پاکستان ، جانبیا ۔ سائپرس آئرلینڈ ۔ بنگلہ دیش ۔ امریکہ ۔ الجیریا وغیرہ کے حکمران کے لئے شبھ (ٹھیک) نہ رہے گی ۔ ان ملکوں کے کہیں عہدے میں تبدیلی یوگ ہیں ۔ ۶ ستمبر کو کنیا راشی پر برہسپتی اور منگل کا یوگ مسلم ممالک خاص کر پاکستان ۔ ایران مصر عراق ۔ افغانستان ، بنگلہ دیش وغیرہ کی حکومتوں کے لئے خراب اور ناقص ثابت ہوگا ۔ کہیں حکومت کا گرنا ، سیاسی ٹکراؤ اور دہشت گردی کی وارداتیں ہوں گی ۔ ۱۸ اکتوبر سے تُلا راشی پر چار گرہی یوگ ہونے سے انڈونیشیا دکنی امریکہ ۔ آسٹریلیا ۔ ارجنٹائنا ۔ عراق شری لنکا دکنی افریقہ روس اور دیگر بامشکل راجیوں میں سیاسی اُتھل پتھل اور لڑائی وغیرہ کی خبریں ملیں گی ۔ ۸ نومبر کو تُلا راشی پر برہسپت ۔ شکر کا یوگ مخالف ممالک جیسے امریکہ عراق ۔ اسرائیل لبنان ۔ ہندوستان ، پاکستان ، افغانستان ۔ بنگلہ دیش شری لنکا ۔ نیپال وغیرہ ملکوں میں اندرونی فسادات ، فوجی ٹکراؤ ۔ اور لڑائی وغیرہ کی وارداتیں ہوں گی ۔ نومبر دسمبر کے مہینوں میں دھن راشی پر چار ۔ پانچ اور چھ گرہی یوگ ہونے سے دیگر ممالک کے درمیان نئے سیاسی گٹھ جوڑ بنیں گے ۔ کچھ یورپ کے ملکوں میں اقتصادی اُلجھنیں پیدا ہوں گی ۔ ترقی یافتہ ملکوں کے

آئین میں بھی اہم تبدیلیاں نمایاں ہونگی۔ ترقی یافتہ اور گٹ نرپکھ ملکوں کے درمیان تجارتی اور معاشی اور سیاسی تعلقات بڑھیں گے۔ اگرچہ اندرونی طور پر دیگر ملک نئے نئے ہتھیاروں کی دوڑ جاری رہے گی۔ مگر گٹ نرپکھ ملکوں کی کوششیں امن کا ماحول برقرار رکھیں گی۔

دُنیا کے مختلف ممالک

امریکہ اس کی زیر اثر راشی متھن ہے۔ برس کنڈلی اور جگت میں پڑے ہوئے گرہوں کے مطابق امریکہ کے سیاسی اداروں میں خاص آثار چڑھاؤ رہیں گے۔ بش سرکار کو زبردست مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ دنیا میں امن قائم کرنے کے نام پر نئے نئے سیاسی گٹھ جوڑ بنائے گا۔ چین۔ ایران۔ سیریا عراق اور کچھ کمیونسٹ ملکوں کے ساتھ تعلقات بگڑ جائیں گے۔ دیگر ترقی یافتہ ملکوں کے ساتھ دوغلی پالیسی اختیار رکھے گا۔

روس اس کی زیر اثر راشی کنبھ ہے۔ جگت لگن میں پڑے گرہوں کے مطابق آئندہ برس اس ملک کی حکومت کو سنگین اقتصادی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ کچھ ممالک کے ساتھ سیاسی تعلقات بگڑیں گے۔ اور کچھ ملکوں کے ساتھ نئے تعلقات بنیں گے۔ بھارت کے ساتھ دوستی قائم رہے گی۔

پاکستان نئے سال کی برش کنڈلی میں اس کی زیر اثر راشی کنیا پر برہسپت پڑا ہے۔ اس پر منگل کی ناقص نظر پڑ رہی ہے۔ اس وجہ حکمران پارٹی اور مہاجر پارٹی کے درمیان زبردست ٹکراؤ کے حالات پیدا ہوں گے۔ نواز شریف کی حالت سندھ پرانت میں ڈانواں ڈول رہے گی۔ سیاسی اور فوجی ظلم کے خلاف عوام اور حکومت کے درمیان زبردست ٹکریں ہوں گی۔ ملک میں توڑ پھوڑ۔ دہشت گردی آگ زنی بم دھماکہ اور سیاسی ٹکراؤ قتل وغیرہ کی وارداتیں زیادہ ہوں گی۔ یہاں کے حکمران کشمیر مسئلہ کو یونائیٹڈ منڈل میں لے جانے کی پھر کوشش کرے گی مگر پر کامیابی نہ مل سکے گی۔ خفیہ طور پر بھارت کے انتہا پسند عنصروں کی امداد کر کے بھارت کے امن کے ماحول میں خلل ڈالتا رہے گا۔ باہری طور پر بھارت کے ساتھ سیاسی تعلقات بڑھانے کے تمام دعوے کھوکھلے ثابت ہوں گے۔

سمت ۲۰۵۰ (۹۴-۱۹۹۳ء) میں گرہ چال اور بھارت

کنڈلی آزاد ہند ۱۵ اگست سنہ ۱۹۴۷

۱ ۔ ۲ راہو ۔ ۳ منگل شکر ۔ ۴ سورج چندر بدھ شنی ۔ ۵ ۔ ۶ ۔ ۷ ۔ ۸ کیتو ۔ ۹ ۔ ۱۰ ۔ ۱۱ ۔ ۱۲

کنڈلی یوم جمہوریت ۴۴ واں سال

۱ ۔ ۲ کیتو ۔ ۳ منگل ۔ ۴ ۔ ۵ ۔ ۶ ۔ ۷ منتھا ۔ ۸ راہو پلوٹو برہسپت ۔ ۹ یورینس نیپچون ۔ ۱۰ سورج سنیچر بدھ ۔ ۱۱ شکر چندر ۔ ۱۲

۲۶ جنوری سنہ ۱۹۹۳ء کے ۴۴ واں سال کی برس کنڈلی میں بھارت درشش جمہوریت کنڈلی میں میں لگن میں داخل ہوگا۔ لگن کا مالک برہسپت ساتویں خانہ میں بیٹھ کر اپنی خود

۱ ۔ ۲ کیتو ۔ ۳ چندر شکر ۔ ۴ سورج بدھ ۔ ۵ ۔ ۶ برہسپتی منگل ۔ ۷ پلوٹو ۔ ۸ راہو ۔ ۹ یورینس ۔ ۱۰ ۔ ۱۱ سنیچر ۔ ۱۲ منتھا

کی راشی کو دیکھ رہا ہے۔ برہسپتی پر منگل کی خاص چوتھی نظر پڑ رہی ہے۔ اس طرح منگل گرہ کے اثر کے ساتھ برہسپت پانچویں نظر سے سورج۔ بدھ سنیچر کو ساتویں نظر سے لگن کو اور نویں نظر سے تیسرے خانہ میں منعقد کیتو کو دیکھ رہا ہے۔ مکر راشی (جو کہ بھارت کی زیر اثر راشی بھی ہے) پر سورج۔ بدھ و سنیچر گرہوں کا یوگ ہے۔ آئندہ برس کا وزیر منگل جو کہ جمہوریت ہند کی کنڈلی میں نویں خانہ (یعنی منصوبوں ترقی، بیوپار، نقصان اور اقتصادی ذریعات کا بھی مالک ہے۔ وہ چوتھے خانہ میں متھن راشی کا ہو کر پڑا ہوا ہے۔ گرہ چال کے مطابق آئندہ سال مرکزی حکومت کو دیگر معاشی۔ اقتصادی اور سیاسی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ حکمران پارٹی اور اس کے رہنماؤں کو جدید مشکلات کا سامنا رہے گا۔ اگرچہ لگن پر برہسپتی کی شبھ نظر رہنے کی وجہ سے بھارت کے موجود پردھان منتری کا شری نرسمہا راؤ کی لیڈر شپ کو کوئی خطرہ نہیں مگر ان کی جنم کنڈلی اور بوقت گدی نشینی کی کنڈلی میں پڑے ہوئے گرہوں کے مطابق آئندہ سال ان کے لئے شدید مشکل حالات سے گھرا ہوا برس ہوگا۔ چندر۔ شکر کا یوگ بارہویں خانہ میں ہونے سے نئی آرتھک (اقتصادی) پالیسی میں امید کے مطابق کامیابی حاصل نہ ہو سکے گی۔ روپے کے پھیلاؤ کی وجہ سے پیدا شدہ روزمرہ کی ضروری چیزوں کی قیمتوں میں شدید اضافہ کی وجہ سے عام رعایا میں غصہ اور مایوسی کا عالم چھائے گا۔ پیسے کے پھیلاؤ اور بڑھتی قیمتوں کو کم کرنے کے سرکار دعوے کھوکھلے ثابت ہوں گے۔ بے روزگاری۔ رشوت خوری۔ مہنگائی۔ فرقہ پرستی اتنگ واد۔ اور بڑھتی ہوئی آبادی وغیرہ مسائل کو حل کرنے میں حکومت کامیاب نہ ہو سکے گی۔

بھارت کی آزادی کے ۴۷ ویں سال کی برس کنڈلی میں مکر لگن طلوع ہوا ہے۔ یہ بھارت کی زیر اثر راس بھی ہے۔ لگن کا مالک سنیچر دوسرے خانے میں اپنی ہی راس کا ہو کر منعقد ہے۔ تیسرے خانے میں منتھا شبھ (اچھی) ہے۔ منتھا کا مالک برہسپت نویں خانہ میں منگل کے ہمراہ ہو کر اپنی ہی راشی میں پڑی منتھا کو دیکھ رہا ہے۔ یہ گرہ یوگ بھارت کے مزید ترقی یافتہ منصوبوں میں بڑھاوا کرے گا۔ ملکی اور غیر ملکی تجارت میں اضافہ ہوگا۔ آزاد بھارت کی کنڈلی میں دوسرے خانہ میں پڑا ہوا سنیچر بھارت کے مزید اقتصادی منصوبوں میں اضافہ کرے گا مگر چھٹے خانے میں چندر شکر کا یوگ ہونے سے غیر متوقع طور پر پیسے کے پھیلاؤ میں اضافہ ہوگا۔ جس سے درمیانہ طبقہ اور غریب طبقہ کے لوگوں کے مالی حالات پر بہت برا اثر پڑے گا۔ روزمرہ ضروریات کی چیزوں کی قیمتیں آسمان کو چھونے لگیں گی۔

چوتھے خانہ پر سنیچر کی نیچ نظر اور پانچویں خانے میں کیتو ہونے سے بھارت کی مرکزی حکومت کی کشمیر۔ پنجاب۔ آندھرا پردیش۔ اتر پردیش اور بہار وغیرہ کے صوبوں میں اندرونی مسائل اور مسائل اور مہنگائی بیروزگاری وغیرہ شدید مسائل کا سامنا رہے گا۔

وزیراعظم شری پی، وی نرسمہا راؤ اور مرکزی حکومت

موجودہ پردھان منتری شری نرسمہا راؤ کی حاصل شدہ جنم کنڈلی اوران کی بوقت عہدہ کنڈلی میں منعقد گرہوں کے مطابق وزیراعظم شری پی۔ وی نرسمہا راؤ کے لئے آئندہ سال زبردست چنوتیوں سے بھرا ہوا سال رہے گا۔ شری راؤ کا جنم ۲۸ر جون ۱۹۲۱ء مطابق ۱۵ ہاڑ اشٹمی تتھی اترا بھادر پد نچھتر سمت بکرمی ۱۹۷۸ بروز منگلوار کو کنیا لگن میں ہوا تھا۔ جبکہ ان کی شپتھ کالین (بوقت عہدہ) کی کنڈلی میں بھی کنیا لگن ہی طلوع ہوا تھا دونوں کنڈلیوں میں لگن کا مالک بدھ خانہ دشم میں اپنی راشی مِتھن کا ہوکر پڑا ہوا ہے۔ نظام حکومت کا مالک سورج بھی دسویں خانہ میں یوگ کارک ہے۔ موٹے طور پر شری پی وی نرسمہا راؤ کو منگل کی مہادشا کے دوران سورج کی انتر دشا ۷ر جنوری ۱۹۹۳ء سے ۱۳ر مئی ۱۹۹۳ء تک رہے گی۔ اس کے بعد چندرماں کی انتر دشا ۱۳ر دسمبر ۱۹۹۳ء تک رہے گی۔ گرہ دشا اور گوچر گرہوں کے مطالع میں ظاہر ہوتا ہے کہ آئندہ سال وزیراعظم شری راؤ کو بے حد پیچیدہ اور مشکل حالات سے کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آسام بہار۔ پنجاب۔ جموں کشمیر اُتر پردیش ۔حیدرآباد۔ بنگال وغیرہ صوبوں میں فرقہ پرستی کے دنگے، توڑ پھوڑ اور قتل کی وارداتیں زیادہ ہوں۔ روزمرہ ضروری اشیا میں کمر توڑ مہنگائی کی وجہ سے وزیراعظم کے وقار کو بھاری ٹھیس پہنچے گی۔ ملک کے اقتصادی سدھاروں کا ملک کے اندرونی حصوں میں اُلٹا اثر پڑے گا۔ رشوت خوری۔ مہنگائی ٹیکس چوری۔ گھوس خوری اندرونی دہشت اور قتل و غارت کی دھماکہ خیز وارداتوں میں اضافہ ہوگا۔ کسی اہم مرکزی لیڈر کو اپنا عہدہ خالی کرنا یا استعفیٰ بھی دینا پڑ سکتا ہے۔ مگر پردھان منتری اپنی عقل اور قابلیت کی بنا پر اپنے عہدہ پر بنے رہیں گے۔ سال کے دوسرے نصف حصہ میں خاص کر راہو کی (دشا ۱۳ر دسمبر ۱۹۹۳ء کے بعد) کا وقفہ شری راؤ کی مقبولیت اور صحت کی نظر سے ناقص کہا جا سکتا ہے۔ صحت کے لئے ہر لحاظ سے خاص چوکسی برتنی چاہیئے۔

جنم زائچہ شری نرسمہا راؤ ۲۸ر جون ۱۹۲۱ء کریم نگر

۷ راہو
برہسپتی شنی ۵
۶
۴
۸
۳ سورج بدھ منگل
۹
۱۲ چندر
۱۰
۲
۱۱
۱ کیتو شکر

بوقت عہدہ کنڈلی ۲۱ر جون ۱۹۹۱ء

پلوٹو چندر ۷
۵
شکر برہسپتی ۴ منگل
۸
۶
۹ راہو یورینیس
۳ سورج بدھ کیتو
۱۰ سنیچر
۱۲
۲
۱۱
۱

گرہ گوچر اور بھارت سرکار

آزاد بھارت گن تنترلو پردیش کنڈلی اور جگت کنڈلیوں میں پڑے گرہوں کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ آئندہ سال بھارت سرکار کے لئے بے حد مشکل حالات سے کر آرہا ہے۔ سال کے شروع میں ہی منگل وکری ہوکر خاص آٹھویں نظر سے مکر راشی میں پڑے شنی کو دیکھ رہا ہے، جس سے سال کے آغاز میں مرکزی حکومت میں بڑی اُتھل پتھل رہے گی منتری منڈل میں اہم تبدیلیاں نمایاں ہوں گی۔ مخالف پارٹیوں کے ساتھ تناؤ اور مخالفت بڑھے گی۔ ۲۶ر جنوری سے برہسپتی، شکر کے درمیان آپسی نظریں ہوں گی۔ اس طرح سے یوگ ظاہر کرتا ہے کہ ماہ جنوری کے آخر میں اور فروری کے نصف حصہ میں بھارت کی سیاسی دنیا دھماکہ خیز اُلٹ پھیر ہوگا۔ ۱۴ر اپریل سے منگل نیچ راشی میں داخل ہوکر سب طرح کے اناج۔ دھان، کھل۔ بنولے، چوپائے اور چارا مویشگان کے نرخوں میں تیزی کرے گا۔ ۳ر جون کو سورج۔ کیتو، کی درجہ کُن یوتی۔ ۴ر جون کو جیشٹھا نچھتر میں گرہست وادت چاند گرہن اور ہاڑ شدی پکھ میں تیرہ روز کا پکھ ہونے سے ملک کے کچھ حصوں میں گڑبڑ، فرقہ پرستی، فسادات، آگ زنی، دہشت گردی، سیلاب بھونچال وغیرہ قدرتی آفات سے جانی مالی اور فصلوں کو نقصان پہنچے گا۔ ماہ ہاڑ میں پانچ شنی وار پڑے اور شنی منگل کا سم۔ پستک یوگ ہونے پورب اُتر دشا (مشرق، جنوب) کے پردیشوں میں کہیں حکومت میں تبدیلی اور دھماکہ خیز وارداتوں کے ہونے کے اشارات ہیں۔ ضروری چیزوں کی قیمتوں میں دھماکہ خیز اضافہ ہوگا۔

۱۲ر جون سے یکم اگست شنی۔ منگل کی آپسی نظریں رہیں گی، یہ وقفہ بھارت سرکار کے لئے مشکل امتحان کا وقت رہے گا۔ آندھرا پردیش۔ کرناٹک اُتر پردیش شری لنکا جموں کشمیر بہار۔ تامل ناڈو آسام وغیرہ صوبوں کے منتری منڈلوں میں بھاری پھیر بدل ہوں گے۔ کہیں اپدرو۔ تناؤ، دھماکہ، آگ زنی، سیاسی ٹکراؤ اور دہشت کی وارداتیں ہونے کے اشارات ملتے ہیں۔ اِن پردیشوں میں کہیں سیلاب وغیرہ قدرتی آفات سے لوگوں کی جان و مال کے نقصانات ہونے یوگ ہیں۔ اس عرصہ میں کھڑی فصلوں کو نقصان زمین کا ٹوٹنا اور بھاری بارش سے دھن دولت اور لوگوں کے نقصانات ہوں۔ کسی اہم لیڈر کے گدی چھوڑنے یا اچانک وفات ہونے کے بھی یوگ ہیں۔

۹ر ستمبر کو منگل، برہسپتی کی کلاتمک یوتی ہونا۔ ۲۴ر ستمبر کو بدھ برہسپتی کی یوتی اور ۱۵ر اکتوبر سے ۲۷ر اکتوبر تک سنیچر وکری حالت میں پھر دوبارہ مکر راشی میں داخل ہونے سے کچھ علاقوں میں بے موسمی بارش ہونے سے فصلوں دھن دولت جان و مال کے نقصانات ہونے کے یوگ ہیں۔ اُتر پردیش جموں و کشمیر، آسام، پنجاب، ہماچل بہار وغیرہ کے صوبہ جات خاص طور پر زیر اثر ہوں گے۔ بھارت کے کسی اہم لیڈر کے لئے یہ عرصہ خاص طور پر ناقص ہوگا۔ آگے ۱۸ر اکتوبر سے ماہ دسمبر تک چار گرہی یوگ اور ۸ر نومبر کو برہسپتی شکر گرہوں کی کلاتمک یوگ ہونے سے بھارت پاکستان کے سرحدی علاقوں میں فوجی ٹکراؤ۔ توڑ پھوڑ دھماکہ خیز وارداتیں اور مذہبی فسادات ہونے کے یوگ ہیں۔ یہ یوگ بھارت کے کسی اہم بڑے لیڈر کے لئے ناقص ثابت ہوگا۔ آگے ۱۴ر نومبر کو منگل۔ راہو کی یوتی راؤ سرکار کے لئے زبردست امتحان کا وقت ہوگا، کچھ مرکزی

وزیروں کو استعفے بھی دینے پڑیں گے۔ روزمرہ کی چیزوں میں زبردست تیزی کی وجہ سے لوگوں میں غصہ مایوسی کا عالم بڑھے گا۔ کہیں چھتر بھنگ (حکومت میں تبدیلی) کے یوگ ہیں۔

آزاد بھارت کے ۴۷ویں سال کی کنڈلی اور یوم جمہوریت کی کنڈلی میں منعقد شبھ گرہوں کے یوگوں کے زیر اثر دیگر مشکل مسائل کے باوجود بھارت کے دیگر اقتصادی منصوبوں میں بڑے پیمانے پر ترقی کے دیگر پروگرام جیسے الیکٹرونکس۔ پیٹرولیم۔ انجینئرنگ بجلی دور سنچار۔ کمپیوٹروں سمنٹ کاغذ۔ سولر۔ شکتی وغیرہ جنسوں کے متعلق دیگر ملکوں کے ساتھ تجارتی معاہدے منعقد ہوں گے۔ خاص کر دکنی کوریا، جاپان، چین، بنگلہ دیش۔ نیپال۔ انڈونیشیا۔ اسرائیل جرمنی۔ انگلینڈ، کینیڈا۔ امریکہ وغیرہ ملکوں کے ساتھ نئے بیوپارک معاہدے ہوں گے۔ سائنس، تکنیکی اور خلائی ادارے میں بھارت خاص ترقی کرے گا۔ کچھ سرکاری صنعتوں کو ذاتی اداروں میں بدل دیا جائے گا۔ گٹ نرپیکش ملکوں کے درمیان بھارت کی اہمیت میں اضافہ ہوگا۔

بھارت کے کچھ اہم صوبہ جات

ہماچل پردیش اس کے زیر اثر راشی میں ہے۔ یوم جمہوریت کی کنڈلی میں بھی مین لگن طلوع ہوا ہے۔ اس راشی پر برہسپت کی اپنی نظر پڑ رہی ہے۔ مگر راشی کے مالک برہسپتی پر منگل کی خاص نظر بھی پڑ رہی ہے۔ اس لئے صوبائی حکومت مشکل اقتصادی چنوتیوں کے باوجود چھوٹے اور مدھم صنعتوں کو بڑھاوا دینے کی جانب خاص توجہ دے گی۔ سیر سپاٹہ جنگلات باغبانی دھان وغیرہ فصل اور سیب وغیرہ پھلوں کے کاروبار میں بڑھاوا کیا جاوے گا۔ صنعتی ترقی کے منصوبوں میں اضافہ کے باوجود کمر توڑ مہنگائی اور ضروری روزمرہ زندگی کی چیزوں اور پینے کے پانی کی قلت اور بے روزگاری مسائل بڑھیں گے جس سے موجودہ صوبائی حکومت کے وقار کو گہرا دھکا لگے گا۔ صوبہ میں کانگریس (آئی) کی حالت میں سدھار ہوگا۔ جون جولائی اور دسمبر جنوری کے مہینوں میں زمین کا لوٹنا سڑک حادثے بھونچال آگ زنی۔ اولہ برشٹی سیلاب وغیرہ قدرتی آفات سے جانی و مالی اور فصلوں وغیرہ کو نقصان پہنچنے کے یوگ ہیں۔ دوسرے نصف حصہ میں موجودہ حکمراں پارٹی کو گہرا دھکا لگے گا۔ کانگرس آئی کی پوزیشن بہتر ہوگی۔

پنجاب آزاد بھارت کے ۴۶ویں اور ۴۷ویں سال کی برس کنڈلیوں میں پنجاب پردیش کی زیر اثر راشی مکر اور اس کے مالک شنی کی پوزیشن بہتر ہے۔ اس لئے گزشتہ سالوں کی نسبت آئندہ سال ترقی اور خوشحالی کا ماحول بنے گا۔ صوبہ میں چھوٹے اور مدھم طبقہ کے صنعتوں اور بیوپاری ادارے میں ترقی کی راہوں میں اضافہ ہوگا۔ موجودہ صوبائی سرکار کے احتیاطی اقدامات کے زیر اثر کچھ اچھے نتائج نکلیں گے پنجاب میں چھوٹی اور مدھم صنعتوں بجلی ٹیلیفون ہوزری کھیل کود (اسپورٹ)، میڈیکل فصلوں اور صنعتی اداروں کی ترقی کی جانب خاص توجہ دی جائے گی۔ ۱۰ر جون سے شنی وکری ہو کر ۱۲ر جون سے منگل کے ساتھ سم سپتک

یوگ بنے گا۔ جس سے مخالف پارٹیاں آپسی گٹھ جوڑ بنا کر موجودہ حکومت کے ساتھ ٹکراؤ کی پالیسی اختیار کریں گی۔ گڑبڑ اور رکاوٹیں پیدا ہوں گی۔ تو کہیں سے توڑ پھوڑ قاتلانہ حملے اور دھماکہ ہونے کی خبریں ملیں گی۔ صوبائی حکومت کے لیڈر خاص چوکسی برتتی ہوگی، ۱۵ سے ۲۷ ر اکتوبر کے عرصہ کے درمیان دھماخیز وارداتیں ہونے کے یوگ ہیں۔ معاشی اور سیاسی ماحول ایک بار پھر سے بگڑتا دکھائی دے گا۔ مگر ۱۰ر نومبر سے سنیچر جب کنبھ راشی میں داخل ہوگا تو اندرونی حالات میں بہتری کے آثار پھر سے پیدا ہونے شروع ہوں گے۔

جموں و کشمیر اس کی زیر اثر راشی تلا ہے۔ یوم جمہوریت کی کنڈلی میں اس کی راشی آٹھویں خانہ میں ہے۔ وہاں پر منگل بھی منعقد ہے۔ اس پر سنیچر کی خاص نظر پڑ رہی ہے۔ منگل کا مالک شکر بارہویں گھر میں پڑا ہے۔ اس گرہ کے یوگ کے مطابق آئندہ برس بھی جموں کشمیر کی بے بس عوام کے واسطے اچھے حالات دیکھنے کو نہیں آ رہا ہے۔ پاکستان خفیہ طور پر علیحدہ پسند دہشت گرد عنصروں کو ٹریننگ اور بڑھاوا دیتا رہے گا۔ اس کی قیمت بہت سے بے گناہوں کو اپنی زندگیاں دے کر چکانا پڑے گی۔ صوبہ میں آزادی کے نام پر فرقہ پرستی اور مذہبی فسادات کو طاقت ملے گی۔ کہیں سیاسی قتل آگزنی دھماکے وغیرہ ہوں گے، معاشی ماحول بگڑا رہے گا۔ کشمیر سے باہر نکلنے والے بے سہارا رفوجیوں کی مدد کے لئے حکومت واجب دھیان نہیں دے گی۔ مرکزی حکومت رائے شماری کرانے کی مکمل کوششیں کرے گی۔ مگر دہشت گردی، عنصروں کی ناپاک حرکتوں کی وجہ سے وادی کے ماحول میں بدامنی رہے گی، سال کے دوسرے نصف حصہ میں شدت کی طوفانی بارش اولہ برشٹی اور سیلاب وغیرہ سے قدرتی آفات سے جانی مالی اور فصلوں کو نقصانات پہنچنے کے یوگ ہیں۔ خیال رہے گزشتہ سال کی جنتری میں ہم نے خاص طور پر وارننگ دی تھی کہ صوبہ میں طوفانی بارش اور قدرتی آفات سے لوگوں کو بھاری نقصان پہنچے گا۔ (دیکھیں صفحہ ۱۹ پر کالم ۲)

ہریانہ اس کی پر راشی مینھ ہے۔ یوم جمہوریت کی کنڈلی میں اس کی راشی پر منگل منعقد ہے مگر راشی کا مالک بدھ اچھی حالت میں ہے۔ اس کے زیر اثر صوبائی حکومت کو زبردست سیاسی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اپنی پارٹی کے اندر ہی اس کی مخالفت بڑھے گی جس سے بھجن سرکار کے وقار کو دھکا پہنچے گا۔ دیگر رکاوٹوں کے باوجود صوبائی حکومت کھیتی۔ صنعتی ہتھ کرگھا کپڑا اور چھوٹی صنعتوں کو بڑھاوا دینے کی طرف خاص کوشش کرے گی۔ کمپیوٹرز، الیکٹرونکس مشینری کل پرزے سولر شکتی وغیرہ نئے نئے صنعتی اداروں کے لئے قرضے مہیا کئے جائیں گے۔ مگر نئی اقتصادی اور مالی پالیسی کا فائدہ عام رعایا تک نہیں پہنچ سکے گا۔

اوپر لکھی پیشگوئیاں گرہ گوچر کی بنا پر اپنی سمجھ کے مطابق قلم بند کی گئی ہیں۔ اصل میں برہمانڈ میں بہت کچھ جاننے والا تو خود پرماتما ہی ہے۔

خیر اندیش، پنڈت پنالال جیوتشی مصنف تحفہ پترکا
گورمکھی مصنف مفید عالم جنتری وپنچانگ دیوا کر جالندھر فون 57959

سورج منگل وغیرہ گرہوں کے داخلہ نکشتر چرن راشی وغیرہ ۱۹۹۳ء

سورج

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
یکم جنوری	پوربا کھاڑا	۲
۴ "	"	۳
۷ "	"	۴
۱۰ "	اترا کھاڑا	۱
۱۴ "	"	۲ مکر
۱۷ "	"	۳
۲۰ "	"	۴
۲۳ "	شرون	۱
۲۷ "	"	۲
۳۰ "	"	۳
۲ فروری	"	۴
۵ "	دھنشٹھا	۱
۹ "	"	۲
۱۲ "	"	۳ کنبھ
۱۵ "	"	۴
۱۹ "	ست بکھا	۱
۲۲ "	"	۲
۲۵ "	"	۳
۱ مارچ	"	۴
۴ "	پوربا بھادرپد	۱
۷ "	"	۲
۱۱ "	"	۳
۱۴ "	"	۴ مین
۱۷ "	اترا بھادرپد	۱
۲۱ "	"	۲
۲۴ "	"	۳
۲۷ "	"	۴
۳۱ "	ریوتی	۱
۳ اپریل	"	۲
۶ "	"	۳
۱۰ "	"	۴
۱۳ "	اشونی	۱ میکھ
۱۷ "	"	۲
۲۰ "	"	۳
۲۳ "	"	۴
۲۷ "	بھرنی	۱
۳۰ "	"	۲
۴ مئی	"	۳
۷ "	"	۴

سورج

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۱۱ مئی	کرتیکا	۱
۱۴ "	"	۲ برکھ
۱۸ "	"	۳
۲۱ "	"	۴
۲۴ "	روہنی	۱
۲۸ "	"	۲
۳۱ "	"	۳
۴ جون	"	۴
۷ "	مرگشرا	۱
۱۱ "	"	۲
۱۴ "	"	۳ متھن
۱۸ "	"	۴
۲۱ "	آردرا	۱
۲۵ "	"	۲
۲۸ "	"	۳
۲ جولائی	"	۴
۵ "	پنربس	۱
۹ "	"	۲
۱۲ "	"	۳
۱۹ "	پکھ	۱
۲۳ "	"	۲
۲۶ "	"	۳
۳۰ "	"	۴
۲ اگست	اشلیکھا	۱
۶ "	"	۲
۹ "	"	۳
۱۳ "	"	۴
۱۶ "	مگھا	۱ سنگھ
۲۰ "	"	۲
۲۳ "	"	۳
۲۷ "	"	۴
۳۰ "	پوربا پھاگنی	۱
۲ ستمبر	"	۲
۶ ستمبر	"	۳
۹ "	"	۴
۱۳ "	اترا پھاگنی	۱
۱۶ "	"	۲ کنیا
۲۰ "	"	۳
۲۳ "	"	۴

سورج

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۲۶ ستمبر	ہست	۱
۳۰ "	"	۲
۳ اکتوبر	"	۳
۷ "	"	۴
۱۰ "	چترا	۱
۱۳ "	"	۲
۱۷ "	"	۳ تلا
۲۰ "	"	۴
۲۳ "	سواتی	۱
۲۷ "	"	۲
۳۰ "	"	۳
۲ نومبر	"	۴
۶ "	وشاکھا	۱
۹ "	"	۲
۱۲ "	"	۳
۱۶ "	"	۴ برشچک
۹ "	انورادھا	۱
۲۲ "	"	۲
۲۶ "	"	۳
۲۹ "	"	۴
۲ دسمبر	جیشٹھا	۱
۵ "	"	۲
۸ "	"	۳
۱۲ "	"	۴
۱۵ "	مولا	۱ دھن
۹ "	"	۲
۱۲ "	"	۳
۲۵ "	"	۴
۲۸ "	پورباکھاڑہ	۱

منگل

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۶ جنوری	پنربس	۱
۲۸ "	آردرا	۴
۲۹ "	"	۳
۱۵ فروری	-	۱ مارگی
۴ مارچ	"	۲
۲۸ "	پنربس	۲
۶	"	۳

منگل

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۱۴ اپریل	پنربس	۴ کرک
۲۱ "	پکھ	۱
۲۸ "	"	۲
۵ مئی	"	۴
۱۲ "	"	۳
۱۸ "	اشلیکھا	۱
۲۵ "	"	۲
۳۱ "	"	۳
۷ جون	"	۴
۱۲ "	مگھا	۱ سنگھ
۱۸ "	"	۲
۲۴ "	"	۳
۲۹ "	"	۴
۵ جولائی	پوربا پھاگنی	۱
۱۱ "	"	۲
۱۶ "	"	۳
۲۲ "	"	۴
۲۷ "	اترا پھاگنی	۱
۱۲ اگست	"	۲ کنیا
۷ "	"	۳
۱۲ "	"	۴
۱۸ "	ہست	۱
۲۳ "	"	۲
۲۸ "	"	۳
۲ ستمبر	"	۴
۷ "	چترا	۱
۱۲ "	"	۲
۱۷ "	"	۳ تلا
۲۲ "	"	۴
۲۷ "	سواتی	۱
۲ اکتوبر	"	۲
۷ "	"	۳
۱۲ "	"	۴
۱۷ "	بشاکھا	۱
۲۲ "	"	۲
۲۶ "	"	۳
۳۱ "	"	۴ برشچک
۵ نومبر	انورادھا	۱
۹ "	"	۲

منگل

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۱۴ نومبر	انورادھا	۲ برشچک
۱۹ "	"	۳
۲۳ "	جیشٹھا	۱
۲۸ "	"	۲
۲ دسمبر	"	۳
۷ "	"	۴
۱۱ "	مولا	۱ دھن
۱۶ "	"	۲
۲۰ "	"	۳
۲۵ "	"	۴
۲۹ "	پورباکھاڑہ	۱

بدھ

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۳ جنوری	مولا	۳ دھن
۵ "	"	۴
۷ "	پورباکھاڑہ	۱
۹ "	"	۲
۱۱ "	"	۳
۱۳ "	"	۴
۱۵ "	اتراکھاڑا	۱
۱۷ "	"	۲ مکر
۱۹ "	"	۳
۲۱ "	"	۴
۲۳ "	شرون	۱
۲۵ "	"	۲
۲۹ "	"	۴
۳۱ "	دھنشٹھا	۱
۲ فروری	"	۲
۴ "	"	۳ کنبھ
۶ "	"	۴
۸ "	ست بکھا	۱
۱۰ "	"	۲
۱۴ "	"	۴
۱۵ "	پوربا پھاگنی	۱
۱۸ "	"	۲
۲۱ "	"	۳
۲۵ "	"	۴
۲۸ "	وکری	

بدھ

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۲ مارچ	پنربس	ا کنبھ
۱۰ 〃	پورابھادرپد	۱
۱۴ 〃	ست بھکا	۴
۲۳ 〃	بدھ مارگی	
۲۴ 〃	ست بھکا	۴
۳۱ 〃	پورابھادرپد	۱
۴ اپریل	〃	۲
۷ 〃	〃	۳
۱۰ 〃	〃	۴ مین
۱۳ 〃	اترابھادرپد	۱
۱۵ 〃	〃	۲
۱۸ 〃	〃	۳
۲۰ 〃	〃	۴
۲۲ 〃	ریوتی	۱
۲۶ 〃	〃	۳
۲۸ 〃	〃	۴
۳۰ 〃	اشونی	۱ میکھ
۲ مئی	〃	۲
۵ 〃	〃	۴
۷ 〃	بھرنی	۱
۹ 〃	〃	۲
۱۲ 〃	〃	۳
۱۳ 〃	کرتیکا	۴
۱۵ 〃	〃	۲ برکھ
۱۸ 〃	〃	۴
۲۰ 〃	روہنی	۱
۲۱ 〃	〃	۲
۲۴ 〃	〃	۴
۲۶ 〃	مرگشرا	۱
۲۸ 〃	〃	۲
۲۹ 〃	〃	۳
۳۱ 〃	〃	۴
۲ جون	آردرا	۱
۴ 〃	〃	۲
۸ 〃	〃	۴
۱۱ 〃	پنربس	۱
۱۳ 〃	〃	۲
۱۷ 〃	〃	۳
۲۰ 〃	〃	۴
۲۶ 〃	پکھ	۱
۲ جولائی	دکری	
۷ 〃	پنربس	۴
۱۳ 〃		متھن
۱۸ 〃	پنربس	۲
۲۶ 〃	مارگی	
۱ اگست	پنربس	۳

بدھ

تاریخ	نکشتر	چرن
۵ اگست	پنربس	۴ کرک
۸ 〃	پکھ	۱
۱۲ 〃	〃	۲
۱۴ 〃	〃	۴
۱۶ 〃	اشلیکھا	۱
۱۹ 〃	〃	۳
۲۱ 〃	〃	۴
۲۳ 〃	مگھا	۱ سنگھ
۲۶ 〃	〃	۳
۲۸ 〃	〃	۴
۲۹ 〃	پوروا پھالگنی	۱
۲۶ 〃	〃	۳
۲۸ 〃	〃	۴
۲۹ 〃	پوروا پھالگنی	۱
۲ ستمبر	〃	۳
۴ 〃	〃	۴
۶ 〃	اترا پھالگنی	۱
۷ 〃	〃	۲ کنیا
۱۱ 〃	〃	۴
۱۳ 〃	ہست	۱
۲۰ 〃	〃	۴
۲۲ 〃	چترا	۱
۲۴ 〃	〃	۳ تلا
۲۹ 〃	〃	۴
۱ اکتوبر	سواتی	۱
۹ 〃	〃	۴
۱۲ 〃	بشاکھا	۱
۱۵ 〃	〃	۲
۱۹ 〃	〃	۳
۲۶ 〃	وکری	
۶ نومبر	سواتی	۴
۱۲ 〃	〃	۲
۱۵ 〃	مارگی	
۱۷ 〃	〃	۳
۲۲ 〃	〃	۴
۲۵ 〃	بشاکھا	۱
۲۸ 〃	〃	۲
۲ دسمبر	〃	۴ برشچک
۵ 〃	انورادھا	۱
۹ 〃	〃	۳
۱۱ 〃	〃	۴
۱۴ 〃	جیشٹھا	۱
۱۶ 〃	〃	۲
۲۰ 〃	〃	۴
۲۲ 〃	مولا	۱ دھن
۲۴ 〃	〃	۲

بدھ

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۲۸ دسمبر	مولا	۴
۳۱ 〃	پورباکھاڑا	۱

برہسپت

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۴ جنوری	ہست	۴
۲۹ 〃		دکری
۲۳ فروری	ہست	۳
۲۵ مارچ	〃	۲
۲۱ 〃	〃	۱
۱ جون	سے	مارگی
۱۱ جولائی	ہست	۲
۵ اگست	〃	۳
۲۴ 〃	〃	۴
۱۰ ستمبر	چترا	۱
۲۷ 〃	〃	۲
۲ اکتوبر	〃	۳ تلا
۲۷ 〃	〃	۴
۱۲ نومبر	سواتی	۱
۲۸ 〃	〃	۲
۱۶ دسمبر	〃	۳

شکر

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۱ جنوری	دھنشٹا	۴ کنبھ
۴ 〃	ست بھکا	۱
۷ 〃	〃	۲
۱۳ 〃	〃	۴
۱۶ 〃	پورابھادرپد	۱
۲۰ 〃	〃	۲
۲۶ 〃	〃	۴ مین
۳۰ 〃	اترابھادرپد	۱
۳ فروری	〃	۲
۱۱ 〃		۴
۱۵ 〃	ریوتی	۱
۲۰ 〃	〃	۲
۲۶ 〃	〃	۳
۱۱ مارچ	کو	دکری
۲۹ 〃	ریوتی	۱
۳ اپریل	اترابھادرپد	۴
۹ 〃	〃	۳
۲۳ 〃	سے مارگی	
۶ مئی	اترابھادرپد	۴
۱۲ 〃	ریوتی	۱
۱۷ 〃	〃	۲
۲۲ 〃	〃	۳
۲۶ 〃	〃	۴
۳۰ 〃	اشونی	۱ میکھ
۳ جون	〃	۲
۱۰ 〃	〃	۴
۱۳ 〃	بھرنی	۱
۱۷	〃	۲
۲۰	〃	۳
۲۳	〃	۴

شکر

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۲۷ جون	کرتیکا	۱
۳۰ 〃	〃	۲ برکھ
۳ جولائی	〃	۳
۶ 〃	〃	۴
۹ 〃	روہنی	۱
۱۵ 〃	〃	۳
۱۸ 〃	〃	۴
۲۱ 〃	مرگشرا	۱
۲۴ 〃	〃	۳ متھن
۳۰ 〃	〃	۴
۲ اگست	آردرا	۱
۵ 〃	〃	۲
۸ 〃	〃	۳
۱۱ 〃	〃	۴
۱۳ 〃	پنربس	۱
۱۶ 〃	〃	۲
۱۹ 〃	〃	۳
۲۲ 〃	〃	۴ کرک
۲۵ 〃	پکھ	۱
۲۸ 〃	〃	۲
۳۰ 〃	〃	۳
۲ ستمبر	〃	۴
۵ 〃	اشلیکھا	۱
۸ 〃	〃	۲
۱۰ 〃	〃	۳
۱۳ 〃	〃	۴
۱۶ 〃	مگھا	۱ سنگھ
۱۹ 〃	〃	۲
۲۱ 〃	〃	۳
۲۴ 〃	〃	۴
۲۷ 〃	پوروا پھالگنی	۱
۲ اکتوبر	〃	۳
۵ 〃	〃	۴
۸ 〃	اترا پھالگنی	۱
۱۰ 〃	〃	۲ کنیا
۱۳ 〃	〃	۳
۱۶ 〃	ہست	۱
۲۱ 〃	〃	۲
۲۳ 〃	〃	۳
۲۷ 〃	〃	۴
۲۹ 〃	چترا	۱
۱ نومبر	〃	۲
۴	〃	۳ تلا
۶	〃	۴
۹	سواتی	۱
۱۲	〃	۲
۱۴	〃	۳
۱۷	〃	۴
۲۰	بشاکھا	۱
۲۲	〃	۲
۲۵	〃	۳
۲۸	〃	۴ برشچک
۳۰	انورادھا	۱
۳ دسمبر	〃	۲

شکر

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۶ دسمبر	انورادھا	۳
۸ 〃	〃	۴
۱۱ 〃	جیشٹھا	۱
۱۳ 〃	〃	۲
۱۶ 〃	〃	۳
۱۹ 〃	〃	۴
۲۱ 〃	مولا	۱ دھن
۲۴ 〃	〃	۲
۲۷ 〃	〃	۳
۲۹ 〃	〃	۴

سنیچر

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۸ جنوری	دھنشٹھا	۱
۶ فروری	〃	۲ مکر
۵ مارچ	〃	۳ کنبھ
۶ اپریل	〃	۴
۱۰ جون	کو دکری	
۱۷ اگست	دھنشٹھا	۳
۱۵ اکتوبر	〃	۲ مکر
۲۸ 〃	سے مارگی	
۱۰ نومبر	دھنشٹھا	۳ کنبھ

راہو

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۴ مارچ	جیشٹھا	برشچک
۶ مئی		۱
۸ جولائی	انورادھا	۴
۹ ستمبر	〃	۳
۱۱ نومبر	〃	۲

کیتو

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۴ مارچ	روہنی	۲
۶ مئی	〃	۳
۸ جولائی	〃	۴
۹ ستمبر	〃	۱
۱۱ نومبر	کرتیکا	۴

نیپچون (دھن)

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۲۳ اپریل	سے دکری	
۱۶ جون	پورباکھاڑا	۴
۲۰ اکتوبر	سے مارگی	
۳۱ دسمبر	اتراکھاڑا	۱

یورینس

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۲۷ اپریل	سے دکری (دھن میں)	
۷ جولائی	پورباکھاڑا	۴
۲۹ ستمبر	سے مارگی	
۱۱ دسمبر	اتراکھاڑا	۱

پلوٹو

تاریخ	داخلہ نکشتر	چرن
۱ مارچ	سے دکری (برشچک)	
۲۶ مئی	وشاکھا	۳ تلا
۳ اگست	سے مارگی	
۳ اکتوبر	وشاکھا	۴ برشچک

اگستیہ

۲۱ اپریل سے غروب۔
۳ ستمبر طلوع

مارکیٹ میں مندہ تیزی کا چارٹ ۱۹۹۳ء

تاجر طبقہ کے فائدے کے لئے گرہوں کی گردش کے مطابق مختلف اوقات پر تجارتی اشیا (جنسوں) کے متعلق نرخوں کا اتار چڑھاؤ کی مکمل جانکاری نیچے دی جا رہی ہے۔ دھیان رہے بیوپاری طبقہ کو اپنی گرہ دشا و مالی حالت کے مطابق مختلف جنسوں کی خرید و فروخت کرنا مفید ہوگا۔ اچھا ہوگا کہ کسی خاص جنس کا سودا (خرید و فروخت) کرنے سے پہلے کسی ماہر جیوتش کے ذریعے اپنی جنم کنڈلی میں سنبھت گرہوں کی شبھ اشبھ دشا کی جانکاری حاصل کریں، جس سے نقصانات کے امکانات کم ہو سکیں۔ ہمارے جیوتش آفس میں آرتھک بھوشیہ۔ یعنی اقتصادی مستقبل بنوانے کے لئے فیس ایک سو ایک (۱۰۱/-) روپے ہے، لیکن "بھوشیہ پھل"، بنوانے کے لئے اپنے جنم کا صحیح وقت۔ مقام، سن، سال و ماہ وغیرہ کی پوری تفصیل اور دکشنا فیس بذریعہ منی آرڈر بھیجنا اشد ضروری ہے، مندرجہ بالا تفصیل اور دکشنا فیس پیشگی بھیجنا ضروری ہے۔ وی۔ پی۔ نہیں بھیجی جاتی۔

پنڈت پنالال جیوتشی۔ اڈہ ہوشیار پور (جالندھر)

جنوری

ماہ کے شروع میں ہی بدھ دھن راشی میں سنچار کرتے ہوئے پورب دشا میں غروب ہوگا۔ جس سے گیہوں چاول، چنے، اڑد، گڑ اور ہر قسم کے اناجوں کے بھاؤ تیز ہو جائیں گے۔ سونا، چاندی اور روئی کے بھاؤ شروع میں مندے رہ کر اچانک تیز ہوں گے۔ (دھیان رہے کہ بدھ کے غروب ہوتے وقت جو اشیاء عموماً تیز بھاؤ ہوں گی وہی اشیاء بدھ کے طلوع ہوتے وقت جو اشیاء بدھ کے طلوع ہونے پر مندی کا رخ اختیار کریں گی) تاریخ ۴ سے شکر شنت بھکھا میں آنے سے گھی، تیل، روئی، کپاس، سوت، گڑ چینی، سرسوں، سونا، چاندی کے بھاؤوں کا رخ تیزی کی جانب رہے گا۔ تاریخ ۸ سے شنی دھنیشٹا نکشتر میں آنے سے آڑد، مسور، چاول چنے وغیرہ سبھی قسم کے اناجوں میں پہلے کی طرح تیزی رہے گی۔ تاریخ ۹ سے منگل پنر بسو میں اور سورج اوشا میں داخل ہونے سے لوہا، تانبہ، سرسوں، گھی، گڑ موٹھ، السی، بنولے، تل، مونگ پھلی، السی کے بھاؤوں میں تیزی ہوگی۔ اسی دن پشچھودت بدھ مارکیٹ میں گھٹا بڑھی کا ماحول پیدا کرے گا۔ ۱۳ر تاریخ بدھوار کو مکر سنکرانتی ۳۰ر مہورتی ہے اور سورج شنی کا یوگ بنے گا۔ تیل بناسپتی، ریفائنڈ تیل، کھل بنولے، اون، ریشم، لوہے کے پرزے، اونی و گرم کپڑے، سونا پیتل ولوہا وغیرہ دھاتیں تیز بھاؤ ہوں گی۔ شیئر مارکیٹ کی صورت حال پہلے کی طرح ڈانواں ڈول رہے گی۔ تاریخ ۱۶ سے شکر پرو بھادرپدا آنے سے گیہوں دھان، جوار، باجرا وغیرہ میں مندی کا رخ ہوگا۔ تاریخ ۱۷ر سے مارکیٹ میں گیہوں، چاول، چنے، کھانڈ، بنولے، کھل وغیرہ اور کیمیاوی اشیا میں تیزی ہوگی۔ تاریخ ۲۳ سے شنی غروب ہوتے سے گیہوں، روئی، سونا چاندی، السی، پیتل، گڑ، چنے وغیرہ میں تیزی، لیکن شیئر بازاروں میں اتار چڑھاؤ کے بعد مندہ ہوگا۔ ۲۶ر جنوری کو شکر مین راشی میں داخل ہوگا جس سے چاندی، گیہوں، بنولا، روئی، کپاس وغیرہ کے بھاؤ گریں گے۔ ۲۹ر تاریخ کو گورو کنیا راشی میں وکری ہوگا، جس سے اناج، جو، چنا وغیرہ اور السی و گھی میں تیزی آئے گی، ۳۰ر جنوری کو شکر اُدیا اور ۳۱ر تاریخ کو بدھ دھنیشٹا میں آنے سے روئی، کپاس چاول، چاندی، موتی وغیرہ سفید چیزوں میں اتار چڑھاؤ رہے گا۔

فروری

۲ر تاریخ سے بدھ مغرب میں غروب ہوگا، جس سے شیئروں کے بھاؤوں میں مندی کا رخ، چاندی میں تیزی ہوگی۔ اسی دن شنی بدھ کے درمیان کلاتمک یتی ہونے سے کھل، بنولا، سرسوں زیرہ، مونگ پھلی، لونگ، الائچی، کالی مرچ اور ناریل وغیرہ کے بھاؤ تیز ہوں گے۔ تاریخ ۴ سے بدھ کنبھ راشی میں آنے سے گھی، اناج بناسپتی تیل، تل، تیل، السی میں تیزی کا رخ لیکن روئی، سوت و چاندی میں گھٹا بڑھی کے بعد تیزی ہوگی۔ تاریخ ۵ سے سورج دھنیشٹا نکشتر میں آ کر گیہوں روئی کپاس، جو، چاول چنے، مونگ، سونا، چاندی، اسٹیل وغیرہ میں تیزی کا سبب بنے گا۔ تاریخ ۶ر کو پورنماں کا زوال ہونے سے گھی، تیل، چاول، چنے، گیہوں وغیرہ میں پہلے کی طرح کا رخ رہے گا۔ تاریخ ۷ سے سونا، چاندی میں کچھ مندی کا ماحول بنے گا۔ تاریخ ۹ کو سورج شنی کی انشاتمک یتی ہونا کھل، بنولا، گیہوں، چاول، گڑ، تیل اور دیگر ریفائنڈ آئیل میں اچانک تیزی کی خبریں ملیں گی۔ تاریخ ۱۰ سے بدھ پورب میں طلوع ہو رہا ہے۔ روئی، کپاس و سونے کے بھاؤوں میں کچھ مندہ لیکن گیہوں، جو، چنا، گھی، لال مرچ، بنولا، السی میں تیزی رہے گی، تاریخ ۱۲ر کو کنبھ سنکرانتی شکروار کو ہونے سے گڑ، شکر، چینی، چاول، کپاس، روئی، چاندی اور دیگر سفید رنگ کی چیزیں تیز بھاؤ ہوں گی۔ تاریخ ۱۵ر سے منگل مارگی ہونے سے کریانہ بازار میں خاص طور سے اتار چڑھاؤ رہیں گے۔ مندی کے دور میں خرید لینا منافع بخش رہے گا۔ تاریخ ۱۹ر کو سورج شت بھکھا میں آنے سے تل، تیل سرسوں، روئی، کپاس، ہلدی وغیرہ میں تیزی ہوگی۔ تاریخ ۲۲ سے روئی، گڑ، گھی، گیہوں، چنا، چاندی و سونے کے بھاؤوں میں گھٹا بڑھی ہوگی، تاریخ ۲۵ سے بدھ مین راشی میں کھل، بنولے، مونگ پھلی کے بھاؤوں میں تیزی ہوگی، تاریخ ۲۶ر سے شنی طلوع ہونے سے لوہا، جست، پتھر، سیسہ، گڑ، چینی و لکڑی کے بھاؤ تیز ہوں گے۔ تاریخ ۲۷ر سے اناج مونگ پھلی، روئی و شیئر مارکیٹ میں اتار چڑھاؤ رہیں گے۔

مارچ

پہلی تاریخ سے ہولاشٹک شروع ہوں گے، اسی دن بدھ مغرب میں غروب ہونے پر روئی، سن، سوت وغیرہ اور شیئر مارکیٹ میں مندے کی لہر چلے گی۔ چاندی میں تیزی کا امکان ہے، تاریخ ۴ر کو سورج پورو بھادرپد نکشتر میں آنے سے سونا چاندی، تانبہ، سیسہ، پیتل وغیرہ دھاتوں میں تیزی ہوگی۔ تاریخ ۵ سے شنی کنبھ راشی میں داخل ہونے سے گیہوں، روئی، کپاس، چنا، بنولے، چمڑا، اڑد، تل، تیل، چاول، چینی، گڑ، لوہا وغیرہ کے بھاؤوں میں دو ہفتے میں تیزی کے جھٹکے دے گا۔ ان دنوں میں بیوپاریوں کیلئے خاص نفع کے مواقع ہیں۔ خاص احتیاط سے سودا کریں۔ تاریخ ۱۱ر سے

شکر مین راشی میں وکری ہوگا۔ گورو بدھ پہلے ہی وکری چل رہے ہیں لہٰذا روئی، کپاس، سوت، چاندی، السی کے بھاؤوں میں اُتار چڑھاؤ ہوں گے، گیہوں، چاول، چنے وغیرہ اناج اور گُڑ، تیل، گھی وغیرہ خوردنی تیل تیز بھاؤ ہی رہیں گے۔ تاریخ ۱۴ر سے سورج شکر کا یوگ مین راشی میں ہوگا۔ روئی و چاندی کے بھاؤوں میں اُتار چڑھاؤ ہوں گے، تل، تیل، گھی، مونگ پھلی، السی، سرسوں وغیرہ میں مندی کا رجحان بنے گا۔ تاریخ ۱۶ر سے بدھ مشرق سے طلوع ہونے پر اناج کے بھاؤوں میں کچھ مندی کا رُخ لیکن چنا، لال مرچ، السی بنولے، السی کے بھاؤوں میں تیزی ہوگی، تاریخ ۱۹ سے منگل پُنربسو نکشتر میں آنے سے روئی، سن، سوت، تانبہ، گُڑ و دیگر لال رنگ کی چیزیں تیز بھاؤ ہوں گی۔ چیتو موا سیدا ماوس بھی تیزی کا سبب ہوگی، تاریخ ۲۴ر کو چندر درشن بُدھوار کو ہونے سے السی مونگ، سونا، چاندی کے بھاؤ تیز۔ روئی کے بھاؤوں میں گھٹا بڑھی ہوگی۔ تاریخ ۲۶ر سے کریانہ بازار دلشو۔ چارا میں تیزی کا رُخ ہوگا۔ تاریخ ۲۹ر سے شکر مین راشی میں غروب ہوگا۔ جس سے چاندی و روئی میں بھاؤوں میں خاص اُتار چڑھاؤ ہوں گے تاریخ ۳۱ر سے سورج ریوتی نکشتر میں آنے پر السی، سرسوں، اینڈی، مونگ پھلی، تل، تیل، روئی، چاندی، گیہوں، چنا وغیرہ میں تیزی کے یوگ بنیں گے۔

اپریل

تاریخ ۳ر کو وکری شکر اُدبا نکشتر میں داخل ہوگا جس سے روئی کپاس، چاندی، سفید موتی، جواہرات، پنیر وغیرہ دودھ سے بنی اشیا کے بھاؤوں میں تیزی آئے گی۔ تاریخ ۵ سے شکر پورب سے طلوع ہوگا جس سے سونا چاندی، روئی، کپاس، چاول اُڑد، گھی وغیرہ کے بھاؤ تیز ہوں گے۔ تاریخ ۷ سے مارکیٹ کی صورت حال غیر یقینی رہے گی۔ تاریخ ۱۰ر کو بدھ مین راشی میں آنے پر روئی، چاندی گیہوں، جو وغیرہ میں مندی کا رُخ جبکہ مونگ پھلی، کھل، بنولا، مرچ مونگ، ارہر، چنا، بناسپتی، تیل و خوشبودار چیزیں تیز بھاؤ ہوں گے۔ تاریخ ۱۳ر سے سورج میکھ راشی میں منگل وار کو داخل ہوگا، روئی کپاس، سن، سوت، پٹ سن میں مندی، گیہوں، جوار، باجرا، چنا، پیتل تانبہ و سونے کے بھاؤ تیز ہوں گے، چاندی کے بھاؤوں میں اُتار چڑھاؤ ہوں گے۔ تاریخ ۱۴ر کو منگل کرک راشی میں داخل ہونے سے گائے، بھینس وغیرہ جانور اور ہر قسم کے اناج تیز بھاؤ ہوں گے، تاریخ ۱۷ر سے اُڑد، چینی، پنیر وغیرہ دودھ سے بنی اشیا، جانوروں کا چارا (کھل، بنولا وغیرہ) تیز بھاؤ ہوں گے۔ تاریخ ۲۱ر کو منگل پشیہ نکشتر میں آنے سے سونا چاندی، روئی کپاس، مونگ پھلی کے بھاؤوں میں خاص گھٹا بڑھی ہوگی، مارکیٹ غیر یقینی رہے گی۔ تاریخ ۲۲ر کو بدھ ریوتی میں داخل ہوگا۔ تل، تیل، گھی، کیسر، لال چندن، اور عمدہ تجارت میں تیزی ہوگی۔ تاریخ ۲۳ر سے شکر مارگی ہونے سے سونے و چاندی کے بھاؤ تیز ہوں گے۔ اسی دن نیپچون وکری ہونے سے کریانہ بازار و جانوروں کے چارے میں اچانک تیزی ہوگی، تاریخ ۲۷ر سے سورج بھرنی میں داخل ہوگا، جس سے روئی، کپاس، سوت وغیرہ میں گھٹا بڑھی ہوگی۔ چاول، چنا، گیہوں، تل تیل، موٹھ و سبھی قسم کے اناج تیز ہوں گے۔ تاریخ ۳۰ر کو بدھ میکھ راشی میں آنے سے گھی، تیل، سرسوں، تل و چاندی میں مندی کا رجحان ہوگا۔ لیکن پیتل، سونا، تانبہ لوہا وغیرہ دھاتوں میں تیزی کے یوگ بنیں گے۔

مئی

تاریخ ۲ سے مونگ پھلی، چینی، گُڑ، بنولے میں مندی کا رجحان رہے گا، تاریخ ۴ر کو بدھ کے پورب میں غروب ہونے سے گیہوں، چاول وغیرہ سب اناجوں کے بھاؤوں میں تیزی۔ سونا، روئی کے بھاؤوں میں مندی کے بعد تیزی آئے گی، تاریخ ۷ر کو بھی بدھ کے بھرنی میں جانے سے جو، گیہوں، چاول وغیرہ کے بھاؤوں میں تیز آئے گی۔ تاریخ ۱۱ر سے سورج کرتیکا نکشتر میں داخل ہونے سے گھی، روئی، سونا، چاندی، السی، گیہوں، چنا، چاول سرسوں میں تیزی کا رُخ بنے گا لیکن تاریخ ۱۲ کو شکر ریوتی میں داخل ہونے سے روئی، کپاس، چندن، گُڑ، چینی وغیرہ کے بھاؤ گر جائیں گے۔ تاریخ ۱۳ر کو بدھ کرتیکا میں جانے سے روئی سوت میں تیزی اور چاندی کے بھاؤ گریں گے۔ تاریخ ۱۴ر کو برکھ سنکرانتی شکروار ہونے سے اناج، روئی، کپاس، باجرا، چنا، جوار وغیرہ کے بھاؤوں میں تیزی آئے گی۔ تاریخ ۱۵ر کو بدھ برکھ راشی میں داخل ہونے سے افیون چرس میں تیزی اور روئی کے بھاؤوں میں مندی کے بعد تیزی آئے گی۔ تاریخ ۱۸ر کو منگل اشلیکھا میں داخل ہونے سے چاندی، روئی، سوت، سن وغیرہ کے بھاؤوں میں گھٹا بڑھی رہے گی۔ تاریخ ۲۰ر کو بدھ روہنی میں داخل ہونے سے تیل، تل گُڑ کے بھاؤوں میں تیزی رہے گی۔ تاریخ ۲۵ر سے سورج روہنی نکشتر میں داخل ہوگا جس سے ارنڈی، السی، سرسوں، تل، تیل، گھی، جوار باجرا، گُڑ، بناسپتی و ریفائنڈ تیل کے بھاؤوں میں تیزی بنے گی۔ تاریخ ۲۶ر کو بدھ مرگشر میں جانے سے چاندی، گیہوں، چاول وغیرہ میں گھٹا بڑھی رہے گی۔ تاریخ ۲۷ر کو بدھ کے مغرب میں طلوع ہونے سے اناج وغیرہ کے بھاؤ گریں گے۔ تاریخ ۲۹ر کو بدھ کے متھن راشی میں داخلے سے سونا، چاندی، روئی، سوت سن کے بھاؤوں میں اچھی تیزی کی لائن بنے گی۔ تاریخ ۳۰ر کو شکر کے میکھ راشی اور اشونی نکشتر میں داخلے سے گیہوں، جو، باجرا، چاندی کے بھاؤوں میں تیزی لیکن السی، سرسوں، مونگ پھلی میں کمی بیشی رہے گی۔ تاریخ ۳۱ر کو ایکادشی کے زوال سے روئی کے بھاؤوں میں مندی اور گھی کے بھاؤوں میں تیزی بنے گی۔

جون

یکم جون کو گورو مارگی ہونے سے چاندی کے بھاؤ گریں گے۔ لیکن السی، سرسوں، روئی تمباکو اور چاول کے بھاؤوں میں آٹھ دنوں کے اندر تیزی ہوگی، تاریخ ۲ر کو بدھ آردرا میں داخل ہونے سے گیہوں، تل، تیل کے بھاؤوں میں مندی کا رجحان بنے گا۔ تاریخ ۴ر شکروار کو گرست چندر گرہن سے روئی میں مندی آ جائے گی۔ محتاط رہیں، تاریخ ۷ سے سورج مرگشر میں آنے سے اُڑد، موٹھ، باجرا، مونگ کے بھاؤ تیز ہوں گے۔ چاندی، السی، جو، چنے کے بھاؤوں میں گھٹا بڑھی ہوگی۔ تاریخ ۱۰ر کو شنی کے وکری ہونے پر روئی کے بھاؤ گر جائیں گے۔ شیروں کے بھاؤوں میں تیزی اور چاول، گیہوں

السی، سرسوں، تیل اور تمباکو میں تیزی آجائے گی۔ تاریخ ۱۱ر کو بدھ پنرلبو میں داخل ہونے سے روئی سوت، کپاس، سن وغیرہ کے بھاؤوں میں مندی کا رخ ہوگا۔ تاریخ ۱۲ر کو منگل سنگھ راشی میں آنے سے سونا تانبہ گیہوں، السی، لال مرچ وغیرہ لال رنگ کی چیزوں میں تیزی آئے گی، لیکن شیئر مارکیٹ میں مندی کا اندیشہ رہے گا۔ تاریخ ۱۳ر کو شکر بھرنی میں داخل ہونے سے روئی، سوت، سن میں تیزی اور اُرد، السی، تل تیل، گھی، سرسوں کے بھاؤ گر جائیں گے۔ تاریخ ۱۴ر کو سورج متھن راشی میں داخل ہوگا جس سے گھی، تیل، چاندی، تل اور سبھی کریانہ اشیاء تیز بھاؤ ہوں گی، شیئر مارکیٹ میں تیزی کا رخ بنے گا۔ تاریخ ۲۰ سے بدھ کرک راشی میں داخل ہونے سے کپاس، سوت، شکر، روئی سونے کے بھاؤوں میں مندی آجاتی ہے۔ شیئروں کے بھاؤوں میں بھی مندی کا یوگ ہے۔ لیکن چاندی، گیہوں وغیرہ کے بھاؤوں میں یکسانیت بنی رہے گی۔ تاریخ ۲۱ر کو سورج آردرا نکشتر میں داخل ہونے سے روئی کپاس، سن، سوت، السی، ارنڈی، سرسوں کے بھاؤ تیز ہوجائیں گے۔ تاریخ ۲۶ر کو بدھ کے لیشیہ نکشتر میں داخلے پر سونا، چاندی۔ اسٹیل، لوہا، پیتل اور رتن وغیرہ زیورات کے بھاؤوں میں گراوٹ آئے گی۔ سبھی کریانہ اشیاء کے بھاؤ بھی گریں گے۔ تاریخ ۲۷ر کو شکر کرتیکا میں داخل ہونے سے ہیرا، موتی، مانک، رتن، جو چاول گیہوں کے بھاؤ تیز ہوں گے۔ جون کے نصف آخر حصے سے شنی منگل کا سم سپتک یوگ کریانہ مارکیٹ میں تیز کا ماحول رکھے گا۔

جولائی

تاریخ ۲ر کو بدھ وکری ہونے سے شیئر بازار میں تیزی کا رخ بنے گا۔ چاندی کھانڈ، بنولا، تل، تیل، گھی، گڑ وغیرہ چیزوں کے بھاؤ بڑھ جاتے ہیں، گیہوں، جو اور چنے کے بھاؤوں میں مندی آجائے گی۔ تاریخ ۳ر کو لوپرنساں کے زوال ہونے سے گھی، تیل، چاول اور گیہوں کے بھاؤوں میں تیزی اور روئی کے بھاؤوں میں کچھ مندی آئے گی، ۵۔ تاریخ کو سورج پنرلبو نکشتر میں اور منگل پوبھا میں داخل ہونے سے سونا، چاندی، کپاس روئی تل، مونگ پھلی، باجرا، السی، سرسوں، گڑ چینی وغیرہ کے بھاؤ تیز ہوں گے۔ تاریخ ۷ر کو وکری بدھ پچھم میں غروب ہونے پر شیئروں کے بھاؤ گر جائیں گے۔ چاندی کے بھاؤ میں بعد تیزی اور روئی کے بھاؤوں میں مندی آئے گی۔ تاریخ ۹ر کو شکر روہنی میں داخل ہونے سے اونی کپڑے، السی، سرسوں، گھی، گڑ، شپاری اور سونا، چاندی، تانبہ، پیتل کے بھاؤوں میں مندی کا رُخ بنے گا۔ تاریخ ۱۱ر کو گورو کے ہست میں داخلے سے روئی، گڑ، چینی، گھی، تیل، سرسوں وغیرہ سبھی کریانہ اشیاء میں مندی کا رجحان رہے گا۔ تاریخ ۱۳ر کو وکری بدھ متھن راشی میں داخل ہونے سے سونا، چاندی، روئی، سوت، سن، کے بھاؤوں میں تیزی ہوگی، تاریخ ۱۶ر کو شراون سنکرانتی شکروار کو ہونے سے چاندی، موتی، سوت، روئی، سفید کپڑے کے بھاؤوں میں تیزی لیکن کپاس، گودھوم اور چنے کے بھاؤ ایک آدھ دن گر کر تیزی کی لائن پکڑیں گے، تاریخ ۱۹ر کو سوموتی اماوس ہونے سے روئی اور سورج پشیہ میں داخل ہونے سے روئی اور سوت، کپڑا اور چاندی وغیرہ سفید چیزوں کے بھاؤوں میں اُتار چڑھاؤ ہوں گے، تاریخ ۲۱ر کو شکر مرگشر میں اور بدھ وار کے دن چندر درشن ہونے سے السی کے بھاؤوں میں تیزی، لیکن گڑ، شکر، روئی اور چاندی وغیرہ سفید چیزوں کے بھاؤوں میں مندی آئے گی۔ تاریخ ۲۴ر بدھ مشرق میں طلوع ہونے سے اناج اور سونے کے بھاؤوں میں مندی لیکن لال مرچ، گھی، چنا، بنولا اور السی کے بھاؤوں میں تیزی کی لائن بنے گی۔ لیکن تاریخ ۲۶ر کو بدھ کے مارگی ہونے سے شیئر مارکیٹ میں مندی کا رخ رہے گا۔ گیہوں، چنا، اناج، اور چاندی میں تیزی ہوگی، تاریخ ۲۷ر کو شکر متھن میں اور منگل اُترا پھالگنی میں داخل ہونے سے سوت، سن کپاس، سوتی کپڑا، پٹسن کے بھاؤ تیز ہوجائیں گے۔

اگست

۶	۷	۲۰	۶	۰	۴	۱۱	۳۳	۲۸	۷	۲۵	۴۶	۲۵	۷	۴	۴۰	۳۵	۶	۱۱	۲۷	۲۲	۷	۱۰	۰	۳۵	۱۰	۱	۴	۳۳	۷	۸	۲۸	۲۵
۸	۷	۲۲	۷	۴۹	۵	۹	۴۵	۵۰	۷	۲۷	۱۵	۳۹	۷	۷	۳۹	۲۴	۶	۱۱	۵۰	۲۵	۷	۱۲	۳۱	۴۳	۱۰	۱	۲۱	۴۳	۷	۸	۲۲	۲
۱۰	۷	۲۴	۹	۴۳	۶	۸	۳۶	۲۲	۷	۲۸	۴۴	۴۷	۷	۱۰	۴۱	۲۸	۶	۱۲	۱۲	۴۱	۷	۱۵	۲	۳۸	۱۰	۱	۲۴	۵۰	۷	۸	۲۵	۴۲
۱۲	۷	۲۶	۱۱	۴۲	۷	۷	۲۸	۲۳	۸	۰	۱۳	۵۱	۷	۱۳	۴۴	۳۲	۶	۱۲	۳۵	۴۷	۷	۱۷	۳۳	۲۳	۱۰	۱	۳۲	۵۴	۷	۸	۱۹	۲۰
۱۴	۷	۲۸	۱۳	۴۳	۸	۶	۱۰	۲۳	۸	۱	۴۳	۴۶	۷	۱۶	۴۶	۳۸	۶	۱۲	۵۷	۳۷	۷	۲۰	۴	۲۲	۱۰	۱	۴۰	۵۷	۷	۸	۱۲	۵۹
۱۶	۸	۰	۱۵	۴۵	۹	۳	۳۳	۲۸	۸	۳	۱۳	۳۲	۷	۱۹	۵۱	۲۵	۶	۱۳	۱۸	۴۱	۷	۲۲	۳۵	۳۵	۱۰	۱	۴۹	۱۸	۷	۸	۶	۳۷
۱۸	۸	۳	۱۷	۱۲	۹	۲۹	۲۷	۱۹	۸	۴	۴۳	۵۲	۷	۲۲	۵۶	۳۵	۶	۱۳	۳۹	۳۵	۷	۲۵	۶	۴۳	۱۰	۱	۵۹	۳۷	۷	۷	۰	۱۴
۲۰	۸	۴	۲۰	۱	۱۰	۲۳	۵	۳۵	۸	۶	۱۴	۱۱	۷	۲۶	۲	۳۰	۶	۱۴	۰	۲۹	۷	۲۷	۳۷	۲۷	۱۰	۲	۸	۱۴	۷	۷	۵۳	۵۴
۲۲	۸	۶	۲۲	۱۳	۱۱	۱۷	۵۶	۲۱	۸	۴	۴۴	۴۳	۷	۲۹	۹	۳۹	۶	۱۴	۲۱	۴۶	۸	۰	۸	۱۱	۱۰	۲	۱۸	۴۵	۷	۷	۴۷	۳۳
۲۴	۸	۸	۲۴	۲۷	۰	۱۱	۳۹	۱۷	۸	۹	۱۵	۱۷	۸	۲	۱۴	۱۹	۶	۱۴	۴۱	۳۱	۸	۲	۳۹	۳۷	۱۰	۲	۲۹	۴۴	۷	۷	۴۱	۱۱
۲۶	۸	۱۰	۲۰	۴۳	۱	۱۵	۴۹	۱۰	۸	۱۰	۴۶	۳	۸	۵	۲۴	۳۸	۶	۱۵	۱	۲۳	۸	۵	۱۰	۴۳	۱۰	۲	۳۹	۴۱	۷	۷	۳۴	۵۰
۲۸	۸	۱۲	۲۸	۵۹	۲	۰	۵۷	۲۷	۸	۱۲	۱۶	۴۳	۸	۸	۲۳	۲۰	۶	۱۵	۲۱	۱۳	۸	۷	۴۱	۲۳	۱۰	۲	۵۰	۵۲	۷	۷	۲۸	۲۸
۳۰	۸	۱۴	۳۱	۱۷	۲	۲۷	۱۴	۳۸	۸	۱۳	۴۷	۳۲	۸	۱۱	۴۲	۲۴	۶	۱۵	۴۰	۳۹	۸	۱۰	۱۲	۴۶	۱۰	۳	۱	۳۸	۷	۷	۲۲	۷
۳۱	۸	۱۵	۳۲	۲۰	۳	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۳۷	۷	۷	۱۸	۵۶

دِشاشول وچار

نیچے لکھے واروں اور نچھتروں میں اُن کے سامنے والی دِشا میں سفر کرنے سے دشاشول کا دوش لگتا ہے - اِن دنوں سفر کرنے سے ناقص حالات پیدا ہونے کا اندیشہ ہے - بہت ضروری ہونے پر اس وار کے متعلق چیز کو کھانے سے دشاشول کچھ حد تک دُور ہو جاتا ہے جیسے اتوار کو گھی - سوموار کو دُودھ - کھیر - منگلوار کو گُڑ - بدھوار کو تیل وتل - ویروار کو دہی - شکروار کو کچا دُودھ یا جون - سنیچروار کو تل و ماش (ماڈد) کو کھا کر اس دِشا میں سفر کرنے سے دِشاشول نہیں رہتا ہے۔

نقشہ دِشاشول ونچھتر شول

نام وار	دشاشول	نچھتر - خاص میں دوش
سوموار سنیچروار	مشرق (پُورب)	جیشٹا
منگلوار بدھوار	شمال (اُتر)	اترا پھالگنی
ویروار	جنوب (دکن)	پوربا بہادر پد
شکروار اتوار	مغرب پچھم دشا	روہنی
بُدھوار سنیچروار	مشرق شمال (پورب اُتر)	جیشٹا - اُترا پھالگنی
بدھوار اتوار	شمال - مغرب اُتر پچھم	اُترا پھالگنی
سوموار ویروار	جنوب مشرق دکھن پورب	جیشٹا - پوربا بہادر پد
ویروار شکروار	جنوب مغرب دکھن پچھم	روہنی - پوربا بہادر پد

گھوڑ دوڑ میں ہار جیت کا سوال

گھوڑ دوڑ میں عموماً پانچ رنگ کے گھوڑے ہوتے ہیں - سفید - سُرخ - زرد - ڈبکھڑبا اور کالا - دوڑ کے وقت آپ پانچوں رنگوں کی گولیاں بنالیں - اور دوڑ کے وقت ایک گولی نکال لیں جس رنگ کی گولی نکلے اُسی رنگ پر بازی کا عنصر غالب رہیگا - دوسری ترکیب میں جس وقت پر جس ستارے کی ساعت ہوگی - اُسی رنگ کا گھوڑا نکلیگا - اور وہی دوڑ میں غالب رہیگا۔

سیارہ	وار	رنگت	سیارہ	وار	رنگت	سیارہ	وار	رنگت
سورج	آتوار	سرخی مائل	بدھ	بدھوار	ڈبکھڑبا	شکر	شکروار	سفید
چندرماں	سوموار	سفید	برہسپت	ویروار	پیلا	سنیچر	سنیچروار	کالا
منگل	منگلوار	سُرخ						

آج کا دن کیسا گزریگا

جس روز معلوم کرنا ہو کہ آج کا دن کس طرح گزرے گا - تو اس دن جنتری میں اپنے نام کا نچھتر دیکھیں - بعد ازاں اس روز کا نچھتر نقشہ میں نمبر ایک پر لکھے - پھر ترتیب وار نقشہ پڑھ کر کے دیکھیں کہ آپ کے نام کا نچھتر دائرہ کے اوپر کس جگہ پر آیا ہے - اگر آپ کے نام کا نچھتر دائرہ کے اوپر ہؤا ہے تو خوش نصیب ہو کسالا بہ ہوگا - اگر دائرے کے باہر پڑا ہو - تو نصف حصہ خوشی اور نصف فکر و غم میں گزریگا - اگر آپ کا نچھتر ترشول کے اوپر پڑے تو تمام دن غم و فکر - بیماری - نقصان اور لڑائی جھگڑے میں گزریگا -

سفر کے لئے فالنامہ

جب سفر کا ارادہ ہو - تو پاک و صاف ہو کر اپنے اشٹ دیو کا دھیان کر کے اور آنکھیں بند کر کے کسی ایک خانہ پر اُنگلی رکھیں - اور نتیجہ مندرجہ ذیل عمل کریں -

١٣	١٤	١٥
١٩	١٦	١١
١٧	١٨	١٢

١٢ - سفر آمدن اور خرچ کے لحاظ سے برابر ہوگا ١٣ - جسم کو تکلیف چوٹ یا الزام لگے - ١٤ - نیک ساعت میں سفر کریں - ١٥ - سفر مبارک رہیگا - ١٦ - سفر کے لئے اچھا - ١٧ - سفر مفید نہیں - ١٨ - یہ سفر بہت اچھا - ١٩ - سفر میں خرچ ہوگا - مگر مُراد پوری ہوگی - ١١ - یہ سفر مفید رہے گا -

چاروں یُگوں کا بیان

چار یُگ ایک بار گزر جانے پر برہما کا ایک دِن ہوتا ہے - انہی دنوں کے پرمان سے برہما کی آیو ١٠٠ برس کی ہوتی ہے - اس وقت برہما کی آیو ٥٠ برس گزر کر ٥١ برس کے پہلے دِن کا طلوع ہو کر ١٣ گھڑی ٢٤ پل ٣ پل ٤٤ پرتی دپل گزر چکے ہیں - برہما کے ایک دن میں ١٤ منو ہوتے ہیں - اور ایک منو میں ٧١ مہایگ ست یُگ ہوتے ہیں کارتک شدی نومی بدھوار کو پہلے شرون نچھتر بردھی یوگ میں ست یُگ کا آغاز ہؤا - اس کی آیو - ١٧٢٨٠٠٠ برس کی تھی - اس میں شری وشنو - متسیہ - کورم - وراہ اور نرسنگھ یہ چار اوتار ہوئے - متسیہ نے ویدوں کے چور شنکھاسُر کو مار کر برہما کو وید لاکر دیئے - وراہ نے جل اُدھار کیا - کورم نے پرتھوی کی رکشا کی - اور نرسنگھ نے ہرنیہ کیشپ کو مارا - اس یُگ میں منشیہ کی اوسط آیو ایک لاکھ سال تھی - بالک اوستھا دس ہزار سال اور شریر کی لمبائی ٢١ ہاتھ تھی - پنیہ 20 وشوے تھے - اس میں سورج گرہن بھی 20 ہزار ہوئے۔

تریتا یُگ

بیساکھ شدی تیج سوموار کے دوسرے پہر روہنی نچھتر شوبھن یوگ میں تریتا یُگ کا آغاز ہؤا - اس کی آیو ١٢٩٦٠٠٠ برس تھی - اس یُگ میں تین اوتار وامن - پرشرام اور رام چندر جی ہوئے ہیں - وامن جی نے راجہ بلی سے تین پیر پرتھوی دان لے کر تین پیر میں جاپ کیا - اور بعد راجہ کو پاتال کا راجیہ دیا - پرسرام جی نے گھمنڈی کشتری راجاؤں کو مار کر برہمن راجیہ قایم کیا - اور رام چندر جی نے راون کو مارا - اس میں منش کی پورن آیو دس ہزار سال اور بالک اوستھا ایک ہزار برس تھی - اس میں پنیہ ١٥ - اور پاپ ٥ وشوے تھا - شریر کی لمبائی ١٤ ہاتھ تھی - سونے کا سکہ چلتا تھا اس میں سورج گرہن ٢٠ ہزار اور چندرماں گرہن ٣٠ ہزار ہوئے ہیں

دواپر یُگ

ماگھ بدی اماوس شکروار تیسرے پہر دھنیشٹا نچھتر دریان یوگ میں دواپر یُگ کا آغاز ہؤا - اس کی آیو ٨٦٤٠٠٠ برس تھی - اس میں بھگوان کرشن اور شری بلدیو نے دُشٹوں کا ناش کر کے دھرم کا اُدھار کیا - اس میں پُورن آیو ایک ہزار سال اور بالک اوستھا ١٠٠ سال تھی - شریر کی لمبائی سات ہاتھ تھی - اس میں پنیہ ١٠ اور پاپ ١٠ وشوے تھا - اس میں سُورج گرہن ٢٤ ہزار اور چندرماں گرہن ٣٦ ہزار ہوئے - اس یُگ میں تیرتھ کوروکشیتر پردھان تیرتھ تھا۔

کل یُگ

بھادوں بدی تر ودشی اتوار آدھی رات کے وقت اشلیکھا نچھتر بتی پات یوگ میں کل یُگ کا آغاز ہؤا - اس کی آیو ٤٣٢٠٠٠ برس کی ہے - اس میں دو اوتار بدھ اور کلکی ہیں ان میں بُدھ اوتار تو ہو چکے ہیں - جنہوں نے اہنسا کا پرچار کیا - اور کلکی اوتار جب کلجگ کے ٨٢١ برس باقی رہیں گے - تب سنبھل گرام میں وشنو یش برہمن کے گھر ہوگا - منشیہ کی آیو ١٢٠ سال اور بالک اوستھا ١٠ سال ہے - شریر کی لمبائی $3\frac{1}{2}$ ہاتھ ہے - اس میں پنیہ ٥ - اور پاپ ١٥ وشوے ہے - اس میں ٤٦ ہزار سورج گرہن و چندر گرہن ہوں گے - اس یُگ میں گنگا تیرتھ پردھان ہوگا - تانبے اور نکل کا سکہ چلیگا - راجیہ شٹ سن میں دھرم کا نام نہیں ہوگا - لوگوں میں پاپ ورتی اور بھرشٹا چار ادھک رہے گی۔

● مفید عالم جنتری میں مصنف پنا لال شرما یاد رکھیں۔

میری قسمت آج کل کیسی ہے

اگر کوئی ایسا سوال کرے کہ میری قسمت آجکل کیسی ہے - تو ایسے پرشن میں سائیل کے نام کے حروف شمار کر لو - اور اس وقت چندرماں کو دیکھو - کہ کس راشی میں ہے - جس راشی میں چندرماں اس وقت پڑا ہو - اس کے اعداد بموجب نقشہ اعداد راشی اور یوم کے اعداد جو نقشہ اعداد یوم میں لکھے گئے ہیں - سب کو جمع کر لیویں - بعد ازاں ٢ اعداد قانون کے اس میں اور زیادہ کر دیں - اور پھر کل مجموعہ کو ٧ پر تقسیم کر دیں - اگر باقی ایک رہے یا ٣ یا ٥ رہیں - تو تمہارا طالع ابھی گردش میں ہے - اگر ٢ یا ٤ رہیں - تو نحوست گزر گئی ہے - تھوڑے دنوں میں تمہاری دلی اُمیدیں بر آئیں گی - اگر ٦ رہیں - تو تمہارے دل کو وہم نے خراب کیا ہؤا ہے - اگر باقی صفر رہے - تو تمہاری قسمت آجکل بستہ ہے - جس کام میں ہاتھ ڈالو گے - اُس میں نقصان اُٹھاؤ گے - اگر یقین نہ ہو - تو دیکھو تمہارے سر میں زخم کا نشان ہے۔

اعداد یوم

نام یوم	ایت وار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار
اعداد	٥	٢١	١٤	٩	٨	٣	١١

مُفید اور کار آمد جنتر و منتر

سنتان کیلئے جنتر

۸	۲	۴	۲۳
۷	۳۷	۳۰	۷
۱	۹	۳۴	۳
۳۵	۲۵	۶	۴

اس جنتر کو شکروار کے دن سے گیہوں کی روٹی پر لکھکر وہ روٹی کالے کتے کو کھلا دیں مالک چاہے گا تو آپ کی مُراد بہت جلدی پوری ہو جائے گی لیکن جب تک اولاد پیدا نہ ہو جائے یہ عمل بلا ناغہ روزانہ کرتے رہیں۔

کارج سدھ جنتر

۷	۲	۱۲	۵
۱۱	۱۱	۳	۶
۱	۹	۹	۱۴
۱۳	۱۰	۵	۴

اتوار کے دن ہلدی کے رس سے اس جنتر کو کاغذ پر لکھکر بتی بنائیں۔ شام کو دیئے میں سرسوں کا تیل ڈال اسکو جلائیں اسی طرح سات اتوار کو کریں سبھی قسم کے دکھ دُور ہوں اور کارج سدھ ہو۔

ایک اور کارج سدھ جنتر

۷	۲	۱۵	۸
۱۳	۱۲	۳	۶
۱	۸	۹	۱۴
۱۳	۱۰	۵	۴

ہلدی سے کاغذ پر لکھکر جنتر کے نیچے اپنا مقصد لکھیں پھر فلیتہ کر کے ویروار کو دیئے میں جلا دیں سات ویروار دن کو ایسا کریں سب کارج سدھ ہونگے۔ ۱۱ دن ہلدی کی مالا سے "ادم ہرینم ہراں سے" جپیں۔

پردیسی کی واپسی کا جنتر

۱	۱۵	۸	۳۵
۱۳	۵	۵۲	۴
۳	۶۴	۱۳	۹
۶	۷۲	۶۵	۷۲

یہ جنتر کیسر سے بھوج پتر پہ باندھیں روزانہ سات چرخا اسکا چلائیں تو پردیسی بہت جلدی لوٹ آئے گا۔

۸	۲	۴۷	۶۳
۳۷	۶۹	۳	۸
۱	۹	۳۴	۳۹
۳۸	۳۵	۶	۴

خاوند بس میں کرنے کا جنتر۔ اتوار کو یہ جنتر سات بار لکھیں۔ کیک دوٹی کو اسی جنتر کو پانی میں دھوکر دس سے اس روٹی پر لکھکر خاوند کو کھلا دیں بس میں ہو جائیگا

بیماری دُور کرنیکا جنتر

۷۰	۷۷	۲	۷
۶	۳	۷۴	۷
۷۶	۷۱	۸	۱
۴	۵	۷۲	۱۵

اس جنتر کو بھوج پتر پر کیسر سے لکھکر گوگل کی دھونی دے کر مریض کے گلے میں باندھ دینے سے لاعلاج مرض بھی جلد دُور ہو جاتے ہیں۔ یہ آزمودہ جنتر ہے۔

بواسیر دُور کرنے کا جنتر

۱۳	۸	۳	۹
۷۷	۱۰	۴	۶۵
۸۰	۱۵	۶	۷
۱۴	۱۱	۸۲	۱۲

دو روپیہ کا چھٹانک لیموں کے رس سے اس جنتر کو لکھکر گلے میں باندھیں، بواسیر دُور ہو جائے گی۔

عورت کو بس میں کرنیکا جنتر

"ادم کشو ہرین ہرون آں ہراں سواہا" یہ جنتر ایک ہفتے تک بلاناغہ سُرخ کپڑے اور کنگم کی مالا پہن کر عام عورت تو کیا سورگ کی اپسرا بھی بس میں ہو کر کھنچتی چلی آئے گی۔

ایک اور سنتان داتا جنتر

درگا گنیش مہیش

ادم
انگ اے

نندی ام کاریہ کرو

جس استری کو اٹھراہ روگ ہو یا جس کے سنتان نہ ہوتی ہو اس کے واسطے یہ جنتر بڑا مفید ثابت ہوگا۔ روہنی نکشتر کے دن پُتر وتی استری کے دُودھ میں کیسر اور چندن ملا کر انار کی قلم سے سفید کاغذ پر ایسے ۲ کاغذ جنتر لکھیں۔ ایک جنتر تانبے میں مڑھوا کر استری کے گلے میں باندھ دیں اور باقی سات جنتر پر ہنگواڑ کو ایک جنتر جل میں دھو کر پلائیں۔ کارج سدھ ہوگا۔

گائے بھینس وغیرہ کا دودھ بڑھانے کا جنتر

"ادم نمو بھگوتی پرسو ادم شتیلم"
مذکورہ منتر ۱۰۸ بار پڑھکر مویشیوں کو چارہ کھلانے سے دودھ میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

بس میں کرنے کا جنتر

"ادم نمہ سرو لوک وشی کرائے کُرو کُرو سواہا"
اس جنتر کو ۱۰۸ بار پڑھکر بھوج پتر پہ انار کی

قلم سے اشٹ گندھ سے لکھکر دائیں بازو پر باندھ کر پہنے سے جس کسی کے بھی سامنے جائیں گے وہ بس میں ہو جائے گا۔ اس منتر کا ایک لاکھ بار پاٹھ کرنے سے سدھ ہو جاتا ہے۔

سنتان حاصل کرنے کیلئے جنتر

"دیوکی سُت گووند واسو دیو جگت پتے دیہی مے تنیم کرشن توامہم شرنم گتے"

جس جوڑے کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو انھیں اس منتر کا ایک لاکھ بار جاپ کرنا چاہیے۔ کم از کم ایک سال روزانہ کریں۔ زمین پر سوئیں۔ جھوٹ، شراب، چھل، کپٹ سے بچیں۔ سادہ بھوجن کریں۔ بال نہ کٹوائیں ایک لاکھ جاپ ہونے پر دشانش جاپ کا ہون اتیل سبھد وغیرہ سے کرکے برہمنوں کو بھوجن کرادیں۔

شری بگلا مکھی جنتر

جب دشمن آپ کو انتہائی بے انصافی کے ساتھ تنگ کرتا ہے۔ مقدمات جھگڑے وغیرہ میں آپ خود کو بے سہارا محسوس کرتے ہوں تو حسب ذیل منتر کا پاٹھ پیلے کپڑے پہنکر کرنا چاہیئے۔ ایکانت کمرے میں بگلا مکھی دیوی کی تصویر پر پیلے پھول چڑھا کر دھوپ وغیرہ جلا دیں روزانہ گیارہ مالا کرتے ہوئے ۲۱ دن تک جاپ کرنے سے مطلوبہ سدھی ہو جاتی ہے منتر اس طرح ہے: "ادم ہیں۔ بگلا مکھی سرو دشٹانام واچم مکھم پدم ستمبھے جہواں کیلے کیلے بدھی ناشے ہیں ادم سواہا۔"

دھن دولت حاصل کرنے کیلئے منتر

"ادم ہیں کلیں شری نمہ"
تنہائی میں بیٹھکر اس منتر کو ۲۱ ہزار بار پڑھیں ۲۱ بار دودھ چاول کی کھیر کا ہون کریں جب تک کارج سدھی نہ ہو جائے۔ زمین پر سوئیں۔ دودھ سے بنی چیزوں کا استعمال کریں۔ اناج نہ کھائیں۔ ضروری سدھی ہوگی۔

بچوں کے سب روگ دُور کرنیکا جنتر

۲۷	۳۲	۳۳
۶۷	۴۶	۳۷
۳۷	۶۶	۳۳

اس جنتر کو بھوج پتر پر لکھکر اور اس بھوج پتر کو تانبے کے تعویذ میں رکھکر متاثرہ بچے کے گلے میں باندھ دیں۔ ہر طرح کی مشکل رفع ہو گی اور بیماری دُور بھاگے گی۔

شری مہا مرتیو انجے منتر

اکال مرتیو کو ہرانے والا اور سب طرح کے دکھوں سے نجات دلانے والا یہ اموگھ سدھ منتر ہے اس کا سوا لاکھ بار جاپ کرنے سے ہر طرح کے دکھوں کا ناش ہو کر اکال مرتیو کا خوف جاتا رہتا ہے۔ ادم ہوں ادم جوں سہ بھو بھوہ سوہ تریمبکم یجامہے سوگندھم پشٹی وردھنم۔ اُروارکمیو بندھنان مرتیور مکشیہ مامرتات بھر بھوہ سوہ سہ جوں ادم ہوں ادم۔

بالک کو ڈر سے نجات دلانے کا جنتر

۶	۱۰	۲۲	۴
۴	۶	۱۰	۶
۱۲	۴	۶	۱۰
۱۰	۱۲	۴	۱۲

اماوس کی رات کو جنتر کیسر کی سیاہی سے انار کے قلم سے لکھکر جس بالک کے گلے میں باندھ دیا جائے گا۔ اُسے ڈر خوف سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گا۔

نظر روگ دُور کرنے کا جنتر

۸	۶	۲	۴
۶	۸	۴	۲
۲	۴	۸	۶
۴	۲	۶	۸

اس جنتر کو لال چندن سے بھوج پتر پر لکھکر دھوپ دیں۔ پھر تانبے کی تعویذ میں رکھکر بالک کے گلے میں باندھیں تو نظر لگنے کا دُکھ دور ہو جائے گا، اور کبھی نظر نہیں لگے گی۔

بھوت بھگانیکا اچوک جنتر

۸	۲	۶۳	۵۵
۵۸	۵۹	۳	۷
۱	۹	۵۶	۶۱
۶۰	۵۷	۶	۳

اس جنتر کو بھوج پتر پر کیسر سے لکھکر جس کسی کے بھی گلے میں ڈالدیں وہ شخص بھوت چڑیل وغیرہ کسی بھی آسیب یا آسیبی روح سے محفوظ رہے گا اور اس طرح بھوت پریت اس پر کوئی اثر نہ کر سکے گا۔

فالنامہ

حاملہ عورت کے لڑکا ہوگا یا لڑکی؟

۱ شمس ۲ قمر ۳ مریخ
۴ عطارد ۵ مریخ ۶ زہرہ
۷ زحل

ناظرین! غیب کی خبر تو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ جو اس بات کا دعویٰ کرے مناسب نہیں۔ مگر دلی اطمینان کے لئے یہ طریقہ چلا آرہا ہے اور اکثر صحیح ثابت ہوا ہے۔ اسلئے یہاں درج کیا جاتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ اوپر سات چاند بنے ہوئے ہیں اور ہر ایک میں سیارہ کا نام درج ہے جب آپ فال دیکھنا چاہیں تو پہلے قل ہو اللہ شریف پڑھکر اللہ سے دعا مانگیں اور اپنے کلمہ کی انگلی کسی ایک چاند پر رکھیں۔ اگر حاملہ خود اس عمل کو کرے یعنی انگلی رکھے تو بہتر ہے جس ستارہ پر انگلی رکھی جائے گی اس کا ثمرہ نیچے لکھا ہوا ہے وہ خود دیکھ لیں یا بتا دیں۔

مختصر کیفیت حال	نام سیارہ	نمبر
مبارک ہو۔ انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا	شمس	۱
خدا چاہے تو لڑکی ہونے کی امید ہے	قمر	۲
اللہ کے فضل سے لڑکا ہوگا مگر غصہ ور ہوگا	مریخ	۳
انشاء اللہ خوش نصیب لڑکی ہوگی	عطارد	۴
لڑکی ہوگی۔ انشاء اللہ	مشتری	۵
یہ حمل لڑکی کا ہے،	زہرہ	۶
حمل خلاص جانے کا اندیشہ ہے بچاؤ کی تدبیر کرو	زحل	۷

مختلف گرہوں کا انسانی شخصیت پر اثر

۱- انسان پر برہسپت کا اثر - برہسپت گرہ کے زیر اثر میں ہونے والا انسان کا متھا چوڑا ہے کے ماتھے کی طرح تنگ اور دمہ کی بیماری والا یا جسم کا کوئی حصہ کٹا ہوا - اس کی بول چال بیٹھنا وغیرہ گوروں کی طرح ہوتا ہے - گمبھیر اور رہریات کو برداشت کرنے والا ہوتا ہے - ہاتھ تر مبتی انگلی خواب یا کٹی ہوئی - میل ملاپ اور ہر ایک سے پیار کرنے والا ہوتا ہے اور جانوروں کو نہ مارنے والا - اپنی بات پر مٹنے اور جو قسمت میں لکھا ہوگا دیکھا جائیگا اور اپنے دیئے ہوئے وطن اور ارادے کا پکا ہوگا - اس طرح کے انسان سے کسی کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا - عادت سے بے فکر اور اس کی حالت مدھم رہے گی -

۲ —— انسان پر سورج کا اثر - سورج گرہ کے پربھاؤ والا آدمی نہ جسم کا کوئی حصہ کٹا یا نہ ہوگا - اس کا رنگ گندمی آنکھ شیر کی طرح تیز مگر ڈراؤنی نہ ہوگی - قد لمبا جسم تیلا - ہر طرح کی مشکلوں یعنی مصیبتوں سے لڑنے والا اور مضبوط لمبا چہرہ ماتھا چوڑا والا - چال میں دایاں حصہ پہلے چلانے والا - شکل و صورت سے بھولا بھالا - مگر اندر سے آگ کی طرح گرم - چال چلن (کا مدلیو) کا پکا - آدمی محنتی اور پکا ارادہ والا جس بات کو ٹھان لے اس سے کبھی پیچھے نہ ہٹے گا -

۳ —— انسان پر چندرماں کا اثر - چندر گرہ کے زیر اثر والا آدمی سفید رنگ (دودھ) کی جھلک والا - دہی کے جیسے رنگ والی سفیدی نہیں - ٹھنڈا سوبھاؤ - چوڑا چہرہ (چوکور) دوسرے کی ہاں میں ہاں ملا کر پھر دوسرے کو نرم جواب دیکر اس کے دل کو اپنا بنانیوالا - پوشاک (پہننے کے کپڑے) اچھے کپڑے دھارن کرنیوالا - جسم کا نیچے کا حصہ نابھی سے نیچے پاؤں کی طرف دودھ والے مویشی پالنے کا شوقین اور دودھ والے مویشیوں سے لابھ اٹھانے والا - ایسے آدمی چاندی - چاول - پانی برف کے بیوپار میں نفع کماتے ہیں -

۴ —— انسان پر شکر گرہ کا اثر - شکر گرہ کا پربھاؤ والا آدمی میں سفید دہی رنگ سفید کی جھلک دودھ کے سفید رنگ کا نہیں - چہرا گول - موٹیلا - خوبصورت آنکھیں بیل کی طرح - مست اور عاشق مزاج ہونٹ اونچے گول مست طبیعت کوئی روئے - کوئی ہنسے مگر وہ اپنے آپ میں خوش اور ہر وقت اپنے آپ کو استریوں کی طرح سجنے سنورنے کا شوقین - خوبصورتی پر مٹ جاتے والا ہوتا ہے -

۵ —— انسان پر منگل گرہ کا اثر - منگل گرہ کا پربھاؤ والا آدمی میں سفید دہی رنگ سفید کی جھلک دودھ کے سفید کا نہیں - چہرا گول موٹیلا خوبصورت آنکھیں بیل کی طرح مست اور عاشق مزاج - ہونٹ اونچے - مست طبیعت کوئی روئے کوئی ہنسے مگر وہ اپنے آپ میں خوش اور ہر وقت اپنے آپ کو عورتوں کی طرح سجاوٹ سنوارنے کا شوقین خوبصورتی پر مرمٹنے والا ہوتا ہے -

۶ —— انسان پر بدھ گرہ کا اثر - بدھ گرہ کا پربھاؤ والا آدمی کبوتر کی آنکھ سے ملتا جلتا ہو - مگر ڈرپوک - چال میں مسکین - بلی کی طرح کا بول چال معصوم لڑکیوں کی طرح - مگر جادو منتر کی طاقت والا - خوبصورت دانت - بہروپیہ و نقل کرنے کا سانگ اتارنے کی طاقت رکھنے والا - زبان کو ہونٹوں پر پھیرنے عام عادت - بات چیت میں تیز - خیالی باتوں میں محل بنانا - لوگ مگر آپ کسی کے آندھیں نہیں رہے گا - خوبصورتی پسند کرے -

۷ —— انسان پر سنیچر گرہ کا اثر - سنیچر گرہ کے زیر اثر والا آدمی سانپ کے سوبھاؤ جیسا آنکھ بھی سانپ کی طرح گولائی لئے ہوئے - رنگ میں سفید یا لال نہ ہوگا - بلکہ آنکھوں کا رنگ کالا ہوگا - بھوئیں لکیر کی طرح سیدھی یا ان پر بال کم ہوں گے - آواز میں سانپ کی طرح ٹک ٹک کرنے والا - آنکھیں دیر بعد جھپکنے والا اپنے دل کی بات کا پتہ نہ لگنے دیوے - کہ اس کا اصل مطلب کیا ہے - چاروں طرف چلنے والا - جب کسی کی مدد پر ہوا تو اس کی پوری مدد کرنے کے لئے اپنا سب کچھ قربان کر دے گا - پکا ضدی ہوگا - اگر کسی کے برابر سامنے کھڑا ہو گیا تو سامنے والے کا سب کچھ برباد ہو جاوے تو پرواہ نہ کرے گا - سننے کی بجائے آنکھوں سے ہی کام لے گا - دوسرے پر سانپ کی طرح حملہ کر دے گا - کان چھوٹے چھوٹے - الگ بیٹھنے کا شوقین ہوگا -

۸ —— انسان پر راہو گرہ کا اثر - راہو گرہ کے زیر اثر میں ہونے والے انسان کی ٹھوڈی اوپر کو ابھری ہوئی رنگ کالا - راہو اونچ کا ہو تو بھی رنگ کالا ہوگا - باقی نیچے لکھی سب باتیں ہوں گی - انسان اکثر کالا - کانا - بغیر سنتان - بنا شادی کے یا دھر ٹیڑھا چلنے والا - ہاتھی سے ملتی جلتی آنکھ (چھوٹی) شریر میں بے چینی پانے والا جس طرف مل گیا دوسری طرف کا ناش (تباہ) کرنے والا - خوراک زیادہ کھانے والا - گھر کی چیزوں کو بڑھانے کا شوقین مگر ان کی خوبصورتی کا دھیان نہیں - مسکین بلی کی طرح اسے مکان سے پیار ہوگا - مکان کے مالک کی جان کا دھیان نہ ہوگا -

۹ —— انسان پر کیتو گرہ کا اثر - کیتو گرہ کے زیر اثر ہونے والا انسان کے کان بڑے بڑے بھوؤں کا مدھیہ حصہ اوپر اٹھا ہوا جسم مضبوط - بلکہ ٹانگوں کا حصہ بھاری گاجر کی طرح جسم نیچے سے موٹا اوپر سر کی طرف سے ہلکا - نیک طبیعت درویش - کتا - سور یا سادھو ہوگا -

مکان بنانے یا خریدنے کے وقت خیال کرنیکی باتیں

(۱) مکان کے اندر داخل ہونے کے لئے سب سے بڑا دروازہ پورب (مشرق) کی جانب ہو تو سب سے اچھا ہوگا - ہر وقت لوگوں کا آنا جانا یعنی تانتا لگا رہے - اور ہر طرح کے سکھ سادھن مہیا ہوتے رہیں گے -

(۲) اگر مغرب کی جانب بڑا دروازہ ہو تو دوئم درجہ کا اچھا اثر ہوگا - منصوبوں میں کامیابی ہوگی مگر دیری اور اڑچنوں کے ساتھ -

(۳) اگر مکان کا دروازہ جنوب (اتر) کی جانب ہو تو بہت اچھا اثر رکھے گا - ترقی کے راستے کھلے رہیں گے - لمبے سفر سے فائدہ ہوگا - پوجا پاٹھ، ہون جاپ وغیرہ شبھ کام کرنے کا عمدہ مقام اور روحانی مرحلوں کو حاصل کرنے کا اچھا مقام ہوتا ہے -

(۴) اگر آپ کے مکان کا بڑا دروازہ دکن کی جانب تو وہ برے اثر کو دینے والا ہوگا - عورت کے لئے موت کی طرح دکھ اور تکلیف دینے والا - فوجداری ہونے کا ڈر - آگ سے جلنے یا حادثہ کا ڈر ہے، موت وغیرہ کے حادثے ہونے کا ڈر - پریشانیاں زیادہ رہیں گی - دکن کے دروازہ والے مالک اور اس کی عورت اولاد وغیرہ کی صحت ٹھیک نہیں رہے گی - گھر میں بندر پالنا یا کچھی کا بند ڈرائنگ روم (بڑے کمرے) میں رکھنا ٹھیک اثر کرے گا - ہر سال یا کبھی کبھی بکری دان یا بدھ کی چیزوں کے ساتھ شام کے وقت دان کرنے سے راحت ملے گی -

نوٹ :- اوپر لکھے خصوصی گرہ لوگ" لال کتاب بنا پر چھپی ہوئی مکمل سیٹ ہندی میں منگوانے کے لئے ڈاک خرچ سمیت /240 روپے بذریعہ منی آرڈر سے بھیج دیں -
جنرل بک ڈپو - اڈا ہوشیارپور - جالندھر شہر -

علم قیافہ کی صحیح اور مستند معلومات

(۱) جس شخص کا سر بڑا اور گول ہوتا ہے وہ اپنے ارادوں میں پختہ خیال ہوتا ہے۔ اور وہ دیانتدار نیک خصلت اور صاحب مرتب اور دولت مند ہوتا ہے (۲) جس آدمی کا سر بڑا اور لمبا ہوتا ہے تو وہ بیوقوف اور کم عقل کمزور اور حاسد ہوتا ہے (۳) جس آدمی کی پیشانی بلند اور خوبصورت ہوتی ہے وہ بخت آوری کی نشانی ہے اور فراخ پیشانی والا شخص صاحب علم و دانش ہوتا۔ (۴) جس شخص کی پیشانی تنگ اور پست ہوتی ہے وہ قسمت کا مارا اور کم عمر ہوتا (۵) ناہموار اور بے اعتدال پیشانی والا آدمی ہمیشہ رنج و مصیبت میں رہتا ہے۔ (۶) اگر پیشانی پر سر کے قریب بالوں کے پاس خصوصاً داہنی طرف اگر خال یعنی تل کا نشان ہو تو اس شخص کیلئے یہ علامت خوش قسمتی اور بلند بختی کی نشانی ہے (۷) اگر کسی آدمی کا چہرہ لمبا خمیدہ ہو تو اس میں بڑے بڑے اوصاف ہوتے ہیں (۸) جس شخص کے چہرے پر گوشت زیادہ ہو وہ زندہ دل فیاض باتمیز ہوتا ہے اور سب لوگ اس سے دلچسپی رکھتے اور ملتے ہیں (۹) جس شخص کی آواز بلند اور بھاری ہو تو وہ دیانتدار مغرور عالی ہمت ہوگا (۱۰) جس شخص کی ناک اونچی اور لمبی ہو تو اس سے سعادت اور دولت مندی کا اظہار ہوتا ہے (۱۱) جس شخص کی ناک طوطے کی چونچ کی طرح جھکی ہو تو یہ خوش قسمتی کی دلیل ہے۔ (۱۲) اور بہت بلند ناک بے حیثیت اور ذلت کی نشانی ہے (۱۳) پست اور چھوٹی پر شہوت ہوتا ہے (۱۴) موٹی کھلی اور بے ڈول ناک غرور تکبر کی نشانی ہے (۱۵) جس شخص کی بھنویں خمدار ہوں تو وہ مغرور بدمزاج دولتمند عقلمند ہوگا (۱۶) جس شخص کی بھنویں چوڑیں ہوں بال کم ہوں تو وہ کم عقل کم علم، ملنسار نیک سیرت عبادت گزار ہوتا ہے (۱۷) جس کی بھووں کے بال باریک سیاہ ہوں تو وہ بہادر، صاحب اولاد صاحب علم و دولت مند ہوگا۔ (۱۸) جس کی بھووں کے درمیانی جگہ کم ہو تو وہ ہر وقت پریشان رہتا ہے، دلیر سمجھ دار ملنسار تنگ ہوتا ہے (۱۹) جس کے چہرے پر پسینہ آجائے تو وہ بڑا متلون مزاج اور عیاش ہوتا ہے (۲۰) جس کا چہرہ فراخ ہو تو وہ بڑا دلیر بہادر، جوانمرد مضبوط، قوی جسم کا ہوگا اور عزت و مرتبہ حاصل کرے گا (۲۱) گول اور موٹے چہرے والا آدمی سادہ دل کم تیز اور کمزور حافظہ کا مالک ہوتا ہے (۲۲) دبلے چہرے کا آدمی عقلمند ذہین متلون مزاج ہوتا ہے اگر رنگ سیاہ ہو تو وہ فتنہ انگیز حاسد اور جھگڑالو اور تنگ مزاج ہوتا ہے اور اگر چہرے کا رنگ سرخ ہو تو وہ تند مزاج متکبر غصہ ور ہوگا (۲۳) اگر بالوں کا رنگ سیاہ ہو تو جسمانی صحت عمدہ معاملات و اطوار سنجیدہ ہوں۔ اگر ہلکا گلابی رنگ ہو تو وہ لاپرواہ، سرد مہر کمزور طبع ہوگا۔ اگر سیاہ گھونگر والے بال ہوں تو وہ شرابی اور فسادی ہوگا۔ اگر بالوں کا رنگ سرخ ہو تو وہ مکار، دغا باز طبیعت کا بے چین اور لالچی ہو ہر کام ہمت سے کرے گا اور پورا کرے گا جس کے بال بکھرے ہوں تو وہ فیاض فضول خرچ لاپرواہ ہوگا اور جس کے بال ملائم ہوں وہ خوش خلق شریف بامروت موسیقی پسند اور عورتوں کا سی عادت کا ہوگا۔ جس کے بال سخت ہوں تو وہ حاسد اور بے مروت ہوگا اور جس کے جسم پر بال زیادہ ہوں تو وہ حاسد ہوگا اور کینہ پرور ہوگا۔ اگر بال کم ہوں تو عقلمند دانا ہوگا آسودگی کی زندگی بسر کرے گا اور جسم کے بال باریک اور نرم ہوں تو وہ خود غرض زود رنج ہوگا اور اگر سخت ہوں تو تنگ حال اور مریض ہوگا (۲۴) اور جس کے سر کے بال چھوٹے گھن دار ہوں وہ دلیر بہادر حسن پرست ہوگا اور بے عقل ہوگا (۲۵) جو دبلا خوبصورت لمبے بال والا ہو وہ نرم دل نیک اور سخی ہوگا (۲۶) جو شخص گفتگو کے وقت پلکیں نیچے جھکالے یا پوشیدہ نگاہ سے دیکھے وہ تنگ دل حاسد اور کم عقل ہوگا (۲۷) جس کی آنکھیں چھوٹی ہوں اور اندر کو دھنسی ہوں تو وہ دور اندیش تیز مزاج ضدی بے رحم، بے عقل بدفعل، عیاش صاحب اولاد اور بڑی عمر والا ہوتا ہے (۲۸) جس کی آنکھیں موٹی ہوں وہ حاسد ہوتا ہے (۲۹) جس کی آنکھ کا ڈیلا چاروں طرف گھومے وہ شخص حاسد خوشامد پسند بے اعتقاد جھگڑالو ہوتا ہے (۳۰) جو آدمی ترچھی نگاہ سے دیکھتا ہے وہ حیلہ ساز تند مزاج چھوٹا حاسد، بدنصیب ہوتا ہے (۳۱) جس کی آنکھیں بڑی بڑی ہوں اور باہر کی طرف نکلی ہوں تو وہ نیکی اور بدی کو جلد قبول کرتا ہے جس کے کان بڑے ہوں اور موٹے ہوں تو کند ذہن، کم عقل تنگ دل اور مفلس ہوتا ہے (۳۲) جس کا منہ غنچہ کی طرح ہو وہ دولتمند اور کامرانی کی دلیل ہے مگر بے وفا ہوتا ہے چوڑا اور کھلا منہ شجاعت اور بلند حوصلہ کی نشانی ہے اور گھوڑے وغیرہ مویشیوں کی طرح آگے کو نکلا ہوا منہ بدنصیبی اور افلاس کی نشانی ہے۔ (۳۳) جس آدمی کے دانت پتلے اور تیز ہوں اور حاسد بے حیا بے اعتبار شکم پرست اور بہادر ہوتا ہے (۳۴) جس کی کنپٹی اور ابرو پر بال زیادہ ہوں تو وہ فضول گو، بے وقوف کم عقل سست ہوتا ہے (۳۵) جس آدمی کی گردن پتلی ہو وہ دانا عقلمند ہوتا ہے اور موٹی گردن اور بے ڈول گردن بدبختی کی نشانی ہے (۳۶) جس آدمی کے بازو لمبے ہوتے ہیں وہ بہادر اور بلند حوصلہ ہوتا ہے اور جس کے بازو چھوٹے ہوں تو یہ علامت ماتحتی اور غلامی کی ہے اور درمیانے اور مناسب بازو کامیابی اور مالداری کی نشانی ہے (۳۷) جس کا ٹھیٹوا نکلا ہوا ہو تو سیاہ بختی کی نشانی ہے اور چور کی گردن لمبی ہوتی ہے (۳۸) اگر دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ سے لمبا ہو تو بہادری کی نشانی ہے اور اس کے برعکس بائیں ہاتھ کی لمبائی نامردی اور بزدلی کی نشانی ہے۔ جس کی آٹھ پسلیاں ہوں تو وہ شخص صاحب سلطنت ہوتا ہے اور اگر نو دس پسلیاں تو ایسا شخص فقیر یا درویش ہوتا ہے اور گیارہ پسلی والا آدمی زاہد متقی ہوتا ہے اور بارہ پسلی والا آدمی رنج و محنت میں مبتلا رہتا ہے تیرہ پسلی والا مال و دولت کی نشانی ہے اور چودہ پسلی والا عموماً بدکار اور بداخلاق ہوتا ہے۔

انسان کے بدن پر تل ہوتے ہیں ان کے خواص

قارئین مفید عالم جنتری کے لئے تلوں کے خواص درج کئے جاتے ہیں۔

(۱) پیشانی کے داہنی طرف جو تل جس شخص کی کنپٹی پر ہوگا وہ خوش نصیب اور دولتمند باعزت اور اپنی قوم میں ممتاز، فتح و کامیابی حاصل ہو (۲) پیشانی کے درمیانی بالوں سے ملا ہوا تل ہو وہ تنگ مزاج کج خلق جلا تن ہوگا اور لوگ اس سے بات چیت کرتے ہوئے گھبرائیں گے اور عورت کے تل ہونے سے انتہائی درجہ کے صدمے اور مصیبتیں اٹھاتی ہے (۳) پیشانی کے بائیں طرف کنپٹی سے کچھ اٹھا ہوا سرخ رنگ کا تل جس شخص کے ہوتا ہے وہ بہت عقلمند اور باہوش ہوتا ہے اور اگر اس کا رنگ سیاہ ہو تو وہ شخص جھوٹا ہوتا ہے جس کی وجہ سے سدا خراب اور رسوا ہوتا ہے اور اگر یہاں تل کی بجائے مسہ ہو تو وہ شخص قسمت کا ہیٹا ہوتا ہے اس کے اکثر کام بنتے بنتے بگڑ جاتے ہیں اور اگر عورت کے یہ علامت ہو تو وہ عورت بردبار باوقار اور باعصمت ہوتی ہے اور ہمیشہ نیک ثابت ہوتی ہے مگر سیاہ تل والی آگاہ بچھا سوچے بغیر کوئی برائی بھی کر لیتی ہے (۴) داہنی کنپٹی پر آنکھوں کے اوپر اگر تل ہو تو ایسا آدمی لمبی عمر والا ہوتا ہے اور خوش نصیب ہوتا ہے اور اگر عورت کے یہی نشانی ہو تو وہ صاحب نصیب بامراد ہوتی ہے اور بانصیب مرد کے بیاہی جاتی ہے اور شادی کے بعد خوش خرم رہتی ہے۔ اور نیک بخت صاحب سلیقہ شوہر کی نظروں میں عزت حاصل کرتا ہے اور اپنے خاوند سے محبت رکھتی ہے۔ (۵) اگر داہنی کنپٹی پر گردن کی طرف جھکا ہوا تل ہو تو ایسا آدمی بڑی عمر والا اور مالدار ہوتا ہے اور اگر یہ تل سرخ رنگ کا ہو تو وہ شخص صاحب اقبال ہوگا اور اگر کسی رنگ کا ہو تو وہ رنج و فکر میں مبتلا رہے گا۔ (۶) آنکھ کے اوپر بائیں طرف تل رکھنے والا آدمی اکثر بیمار رہتے ہیں۔

شبھ کاموں کے دیکھنے کیلئے مہورت

دشاشول :- اگر سفر کو جانے کے وقت دشاشول ہو تو سفر نہ کریں اگر ضروری ہو تو اتوار کو گھی سوموار کو دودھ منگل کو گڑ۔ بدھوار تیل ویروار دہی شکروار سنیچروار کو اڑد کھا کر جائیں

چندرماں :- اگر جانے والی دشا میں چندرماں کا نواس سامنے یا دائیں ہو تو شبھ ہوتا ہے اگر بائیں یا پیچھے ہو تو سفر نہیں کرنا چاہیئے نقشہ ذیل میں دیکھیں۔

نام سمت	پورب	اتر پورب	اتر	اتر پچھم	پچھم	دکن پچھم	دکن	دکن پورب
دشاشول	سوموار سنیچروار	سنیچروار منگلوار	منگلوار بدھوار	بدھوار اتوار	شکروار اتوار	ویروار شکروار	ویروار	سوم ویروار
جے بالک نواس	سیکھ برکھو دھت		گرب پچھپ ہیں		ستھن لاکھی		برکھ گیا کر	

مہورت	شبھ تتھی	شبھ یوم	شبھ نچھتر	کیفیت
بچہ کا نام رکھنا	۲۔۳۔۵ ۷۔۱۰۔۱۱ ۱۳	سوموار بدھوار ویروار شکروار	اشنی۔ رد ہنی۔ مرگشر۔ پنربس انرا ہست چترا سواتی شرون جیشٹھا۔ دھنیشٹھا ریوتی ست بکھا	لگن ستھر ہو۔ لگن سے ۱۔۴۔۵۔ ۷۔۹۔۱۰ استھان میں شبھ گرہ ہوں ۳۔۶۔۱۱۔ پاپ گرہ ۸۔ ۲۔ استھان شدھ ہو۔
منڈن کرنا	۲۔۳۔۵ ۱۰۔۱۱	سوموار بدھوار ویروار شکروار	اشنی مرگشر۔ پکھ ہست چترا سواتی جیشٹھا شرون۔ دھنیشٹھا ست بکھا۔ ریوتی	جنم یا گربھ سے ۳۔ ۵۔ ۷ ویں سال کنیا کے لئے ۲۔ ۴۔ ۶ واں سال شبھ ہے۔ سورج اترائن ہو۔ جنم نچھتر اور جنم کا مہینہ نہ ہو۔
جنیو یعنی زنار بندی	۲۔۳ ۵۔۶۔۱۰ ۱۱۔۱۲	اتوار سوموار بدھوار ویروار شکروار	اشنی۔ مرگشر۔ ردہنی آردرا پنربس پکھ۔ اشلیکھا مولا تینوں انرا ہست چترا سواتی۔ انورادھا شرون۔ دھنیشٹھا ریوتی ست بکھا	براہمن کو ۵۔ ۸۔ ۱۶ برس کھتری کو ۱۶۔ ۱۱۔ ۱۲ ویش کو ۸۔ ۱۱۔ ۲۴۔ برس میں چیت بیساکھ جیٹھ اڑ اگر پھاگن مہینہ ہو۔ ۱۔ ۵۔ ۸ پاپ گرہ نہ ہو۔
بچہ کو مکتب بٹھانا	۲۔۳ ۵۔۶ ۱۰۔۱۱۔۱۲	سوموار بدھوار ویروار شکروار	اشنی۔ مرگشر۔ روہنی آردرا۔ پنربس پکھ ہست۔ چترا۔ انورادھا شرون۔ ریوتی	جنم سے ۱۵ واں اور چھٹا برس شبھ ہے۔ سورج اترائن ہو۔ ۸ واں گھر شبھ ہو۔ ماگھ سے اساڑھ تک سورج اترائن ہوتا ہے۔
نیا مکان بنانا	۱۔۲۔۵ ۷۔۱۰ ۱۱۔۱۲۔۱۳	منگلوار اور اتوار نہ ہو	روہنی۔ مرگشر۔ پنربسو ہست۔ چترا۔ سواتی انورادھا۔ تینوں انرا۔ دھنیشٹھا ست بکھا ریوتی	بیساکھ۔ ساون۔ مگھر۔ ماگھ۔ پھاگن مہینہ ہو۔ بھادوں کا رنگ دھرم ہیں زمین سوئی ہوئی نہ ہو۔ پنچک نہ ہو۔ کیندر ترکون شدھ ہوں۔
نئے گھر میں داخل ہونا	۲۔۳۔۵۔ ۶۔۷۔۱۰ ۱۱۔۱۲۔ ۱۳۔۱۵	منگلوار اور اتوار نہ ہو	روہنی۔ ریوتی۔ دشاکھا انورادھا تینوں انرا اور پرانے مکان کے لئے پست۔ اشنی۔ پکھ۔ مولا شرون۔ ست بکھا	بیساکھ جیٹھ۔ ماگھ پھاگن کا مہینہ ہو سورج اترائن میں شدھ ہو۔ جنم لگن راشی سے ۸ واں لگن نہ ہو۔ سورج کے نچھتر سے خراب ۔ عمدہ ۔ خراب عمدہ ہیں۔
مندر بنوانا	۲۔۳۔۵ ۶۔۷۔۱۰ ۱۱۔۱۲ ۱۳۔۱۵	منگلوار نہ ہو	اشنی۔ مرگشر۔ پنربس پکھ۔ چترا۔ سواتی انورادھا۔ ابھجیت شرون۔ دھنیشٹھا ست بکھا ریوتی	پھاگن میں برہما اسوج۔ وشنو۔ اساڑھ گوروبار۔ بھادوں اسوج۔ پوہ چیت دیوی کا جیٹھ۔ بھادوں پھاگن سب دیوتاؤں کیلئے شبھ ہے۔
زمین میں بیج بونا	۲۔۳۔۵ ۷۔۱۰۔ ۱۱۔۱۲	اتوار منگلوار اور سنیچروار نہ ہو	اشنی روہنی مرگشر پنربس۔ پکھ۔ بگھا تینوں انرا۔ ہست چترا سواتی انورادھا مولا ریوتی	لگن ستھر ہو۔ چوتھے گھر میں شبھ گرہ یا درشٹی ہو۔ یا چوتھے گھر کا مالک اپنے گھر کو دیکھتا ہو۔

سکھ دھرم کے دس گوروؤں کے حالاتِ زندگی

گورو نانک دیوجی :- کارتک شدی پورنماشی ۱۴۶۹ء میں تلونڈی (ننکانہ صاحب) میں پیدا ہوئے اُن کے پتا کالو رام گاؤں کے پٹواری تھے۔ تیس برس کی عمر میں یہ سادھو ہو کر دھرم کا پرچار کرنے لگے۔ بہت سے لوگ اُن کے پیروکار ہو گئے جو سکھ کہلاتے ہیں انھوں نے ہندوؤں اور مسلمانوں کو اکٹھا کرنے کی کوشش کی۔ ۷۱ سال کی عمر میں اسوج بدی دسویں ۱۵۳۶ء میں ان کا دیہانت ہو گیا۔ آپ زندگی بھر ایکتا کا پرچار کرتے رہے۔

گورو انگد دیوجی :- بیساکھ شدی ایکم ۱۵۰۴ء میں جنم ہوا۔ آپ گورو نانک دیوجی کے چیلے تھے۔ ان کی مرتیو کے بعد گدی پر بیٹھے اُن کے وقت میں بہت سے لوگ سکھ دھرم میں شامل ہو گئے۔ انہوں نے گورمکھی لپی چلائی تھی۔ چیت شدی چوتھ ۱۵۵۲ء میں دیہانت ہو گیا اُن کے بعد گورو امرداس جی گدی نشین ہوئے۔

گورو امرداس جی :- یہ بیساکھ بدی چودس ۱۴۶۹ میں پیدا ہوئے انھوں نے رسم ستی کو بند کر کے بیوہ عورتوں کو دوبارہ شادی کرنے کی اجازت دی۔ گوئندوال میں ایک باؤلی بنوائی۔ بھادوں شدی پورنماشی ۱۵۰۴ء کو دیہانت ہوا۔

گورو رام داس جی :- یہ کارتک بدی دوج ۱۵۲۴ میں پیدا ہوئے۔ لاہور میں اکبر بادشاہ سے ملاقات کی وہ اس نے خوش ہو کر کچھ زمین دی جس پر انھوں نے ایک تالاب بنوا کر امرتسر شہر کی بنیاد رکھی۔ بھادوں شدی تیج ۱۵۸۱ء میں مرتیو ہو گئی۔

گورو ارجن دیوجی :- ان کا جنم بیساکھ بدی سپتمی ۱۵۶۳ء میں ہوا۔ آپ گورو رام داس جی کے صاحبزادے تھے انھوں نے گورو گرنتھ صاحب کی رچنا کی۔ امرتسر میں ہرمندر صاحب بنوایا اور ترن تارن ضلع امرتسر میں ایک تالاب بنوایا جو کہ سکھوں میں بہت پوتر مانا جاتا ہے جب جہانگیر بادشاہ نے انھیں لاہور کے قلعہ میں قید کر دیا اور بعد ازاں شہید کر دیا گیا۔ جیٹھ شدی چوتھ کو اُن کی شہادت کی یاد میں جوڑ میلہ منایا جاتا ہے۔

گورو ہرگوبند جی :- آپ گورو ارجن دیوجی کے صاحبزادے تھے۔ اساڑھ بدی ایکم ۱۵۹۵ء میں پیدا ہوئے انہوں نے اپنے پتا پر مظالم کا بدلہ لینے کے لئے ایک فوج بنائی۔ جہانگیر نے انھیں گوالیار کے قلعہ میں بند کر دیا۔ وہاں سے رہائی کے بعد انھوں نے پنجاب کے صوبیدار کو تین بار شکست دی۔ چیت شدی پنچمی ۱۶۳۸ء کو ان کی مرتیو ہو گئی۔

گورو ہر رائے جی :- یہ گورو ہرگوبند جی کے پوتے تھے ان کا جنم ماگھ شدی ترودشی ۱۶۳۰ء کو ہوا۔ اُن کی شہزادہ دارا شکوہ سے بہت دوستی تھی انھوں نے سکھوں کی فوجی طاقت بڑھائی۔ کارتک بدی نومی ۱۶۷۱ء کو ان کی مرتیو ہو گئی۔

گورو ہر کرشن جی :- یہ ساون بدی نومی ۱۶۵۶ میں پیدا ہوئے۔ بھگتی پر زیادہ زور دیا چیت شدی چودس ۱۶۶۴ء کو مرتیو ہو گئی۔

گورو تیغ بہادر جی :- بیساکھ بدی پنچمی ۱۶۲۱ء میں پیدا ہوئے۔ گورو ہرکرشن جی کے جانشین تھے۔ اورنگ زیب نے انھیں مسلمان بنانے کی کوشش کی۔ مگھر شدی پنچمی ۱۶۷۵ء میں انھیں شہید کر دیا گیا۔ آپ آنندپور صاحب میں رہتے اور دھرم پرچار کرتے تھے۔

گورو گوبند سنگھ جی :- آپ گورو تیغ بہادر صاحب کے صاحبزادے تھے۔ پوہ شدی سپتمی ۱۶۶۶ء میں پیدا ہوئے۔ اپنے پتا کی شہادت کا انتقام لینے اور ہندو دھرم کی رکھشا کے لئے خالصہ فوج کو جنم دیا۔ اور ہر ایک کو پانچ ککے یعنی کیس، کرپان، کنگھا کچھا اور کڑا دھارن کرنا لازمی قرار دیا تمباکو کا استعمال بند کر دیا۔ مغلوں کو کئی بار شکست دی۔ گوداوری کے کنارے ایک پٹھان سیوک نے کارتک شدی پنچمی ۱۷۰۸ء کو شہید کر دیا۔

علمِ ہندسہ اور آپ کی قسمت !

آج کل غیر ممالک اور بھارت میں بھی علم ہندسہ کی مقبولیت بہت بڑھ رہی ہے اگرچہ بھارت میں پرانے عالم فاضلوں کو اس علم کی اچھی جانکاری تھی مگر پہلے یہ علم ہندی اور سنسکرت کے ہندسوں پر منحصر ہونے کی وجہ سے اتنا مقبول نہ ہو سکا۔ ان ہندسوں کی بنا پر آدمی کی اندرونی اور باہر خصوصیات بتائی جا سکتی ہے مگر ہمارے خیال میں علم جیوتش میں جنم پتری کی طرح آنے والے واقعات ٹھیک سے نہیں بتائے جا سکتے۔ یہاں پر انگریزی مہینوں کی جنم تاریخ کے حساب سے ایک سے نو تک مول ہندسوں کی کلپنا کی گئی ہے اور سورج وغیرہ نو گرہوں کو ان مول اکھروں کا نمائندہ مانا گیا ہے۔ ۹ کے بعد کی تاریخوں کو مول انک (ہندسہ) بنانے کا طریقہ اس طرح ہے۔

۴ = ۱+۳ = ۱۳ ۔ ۱ = - + ۱ = ۱۰
۷ = ۲+۵ = ۲۵ ۔ ۲ = ۱ + ۱ = ۱۱
۱ = ۲+۷ = ۲۸ ۔ ۳ = ۲ + ۱ = ۱۲

مول انک والے شخص

۱۔ ہندسہ والے شخص پکے ارادے، آزاد خیال اور اپنے اصول اور وقار پر قائم رہنے والے ہوتے ہیں اپنے حق کو حاصل کرنے کی خواہش ہوتی ہے کسی دوسرے شخص کی سختی برداشت نہیں کر سکتے۔ انک ۱۔ والوں کو اتوار اور سوموار مبارک دن ہوتے ہیں۔ پیلا اور سنہری رنگ خاص طور پر مفید رہتے ہیں۔ زندگی کے ۱۳۔ ۱۹۔ ۲۲۔ ۲۸۔ ۳۱۔ ۴۹۔ ۵۸ ویں سال خاص اہمیت والے ہوتے ہیں ان اشخاص کو آنکھوں، گلے، خون اور ریت وغیرہ امراض کا ڈر رہتا ہے۔

مول انک دوئم کا پھل

اس انک کا مالک چندرماں ہے اس انک والے شخص یکم انک والے آدمیوں کی نسبت شانت منسرت والے ہوتے ہیں۔ خیالوں میں کھوئے رہنا ادب سے لگاؤ۔ آرٹ اور خوب صورتی کو چاہنے والے اور لکھنے پڑھنے کے کاموں میں دلچسپی رکھنے والے ہوتے ہیں۔ سوموار اور شکروار ان کے لئے خاص مفید ہوں گے۔ سفید رنگ ٹھیک رہے گا۔ زندگی کے ۲۵۔ ۳۱۔ ۳۴۔ ۲۷ اور ۴۳ سال میں خاص واقعات پیش آئیں گے۔

مول انک سوئم کا پھل

قانون اور قاعدے کے پکے، اعلےٰ تعلیم محنتی اور رہنمائی کرنے میں ہوشیار ہوتے ہیں اس انک کا مالک برہسپت ہے ان کے لئے منگلوار، ویروار اور پیلا رنگ اچھا ہے۔ زندگی کے ۹، ۱۲، ۳۰۔ ۳۸ اور ۴۵ ویں سال خوش نصیبی والے ہوتے ہیں۔

مول انک چہارم کا پھل

اس کا ستارہ منگل ہے۔ اس انک والے شخص نئی نئی چیزوں کے موجد ہوشیار، محنتی، بلند خیالات، تیز سبھاؤ اور زندگی میں جدوجہد کرنے والے ہوتے ہیں دولت زیادہ جمع نہیں کر پاتے۔ ۴۔ ۱۳۔ ۲۲۔ ۴۰۔ ۵۸ اور ۵۹ ویں سال بھاگیہ میں ترقی کرنے والے ہونگے۔ سنیچر اتوار اور سوموار شبھ دن ہیں نیلم پتھر خاص مفید رہے گا۔

مول انک پنجم کا پھل

اس کا مالک بدھ ہے اس انک والے شخص پھرتی سے کام کرنے والے جلد باز بیوپار اور اپنے کام میں ترقی کرنے والے اور چنچل من کے ہوتے ہیں۔ ہر طرح کے ماحول میں ڈھل جاتے ہیں اہم سال ۱۵۔ ۲۵۔ ۳۴۔ ۴۱۔ ۵۱۔ ۵۷ ویں ہوتے ہیں بدھوار اور شکروار کا دن اور سفید ہرا رنگ خاص طور سے مفید رہتا ہے پنا پتھر دھارن کرنے سے لابھ ہوگا۔

مول انک ششم کا پھل

اس انک والے شخص سنگیت، فوٹوگرافی، مصوری اور خوب صورتی کو چاہنے والے آدرش وادی اور خیالات میں گم رہتے ہیں۔ کسی دوسرے کے ماتحت رہنا پسند نہیں کرتے۔ منگل۔ جمعرات اور جمعہ کے دن اور نیلا گلابی رنگ شبھ ہے۔ اپنی قابلیت سے پیسہ کمانا جانتے ہیں۔ زندگی کے ۱۵۔ ۲۴۔ ۳۳۔ ۴۲ اور ۵۱ ویں سال قسمت کو بدلنے والے ہوتے ہیں۔

مول انک کا پھل

اس انک والے شخص کے نمایاں گرہ چندرماں اور نیپچون ہیں۔ ایسے بالک ردّ و بدل کرنے کے شوقین نئی نئی جگہوں پر گھومنا پسند کرتے ہیں، تیز اور جادو دو یا، آزاد خیالات، وقار والے اور خوب صورتی کو جاننے والے ہوتے ہیں عام طور سے مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے سوم وار۔ اتوار کے دن اور ہرا رنگ شبھ ہے۔ ۱۶۔ ۲۶۔ ۳۴۔ ۴۲۔ ۵۱ اور ۶۱ ویں سال بھاگیہ میں تبدیلی والے ہوتے ہیں۔

مول انک ہفتم کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ شنی ہے۔ ایسے اشخاص اپنے میں مگن رہنے والے بڑے محنتی اور پکے ارادے والے ہوتے ہیں اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لئے ہر ممکن ذریعہ (واجب اور ناواجب) کا خیال کئے بنا اپناتے ہیں۔ جذباتی پسند۔ دور اندیش اور گہرے علم والے ہوتے ہیں۔ گیس کے روگ سے پریشان ہوں۔ سوم وار سنیچروار اور گہرا نیلا رنگ پر خاص طور سے متفق رہتے ہیں زندگی کا ۲۶۔ ۳۳۔ ۳۵۔ ۴۴ اور ۵۳ ویں سال بھاگیہ میں ترقی اور خوشحالی کے ضامن ہوں گے۔

مول انک نہم کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ منگل ہے۔ یہ شخص صاف گو خوددار بڑے محنتی تیز مزاج مگر رحمدل ہوتے ہیں۔ تمام زندگی جدوجہد میں گذرتی ہے۔ خون میں خرابی کا اندیشہ رہتا ہے۔ شکروار، منگلوار اور ویروار کے دن مبارک اور لال و گلابی رنگ خاص طور سے موافق ہوتے ہیں۔ گوڑ و تانترک ودیا میں خاص دلچسپی ہوگی۔ زندگی کے ۱۸۔ ۲۷۔ ۳۱۔ ۳۶۔ ۴۵۔ ۵۴ اور ۶۳ ویں سال خاص طور پر بھاگیہ میں ترقی لانے والے ہوتے ہیں۔

شبھ چنتک :۔ پنڈت پنالال جیوتشی۔ اڈہ ہوشیارپور۔ جالندھر

تعویذ برائے حل المشکلات

ترکیب :- جو کوئی اس نقش کو جس کام کے واسطے استعمال کریگا وہ کام بر آئیگا۔ اگر اپنے بازو پر باندھے گا تو کسی آفت میں نہ پھنسے گا اور اگر تنگدست ہوگا تو رزاق مطلق روزی غیب سے دیگا، کبھی محتاج نہ رہے گا۔ صاحب توقیر ہو، دشمن دوست ہو، اگر بیمار کے بازو پر باندھے یا گھول کر پلائے مریض شفا پائے مرض دور ہو جاوے، اگر حاکم کے سامنے جاوے وہ مہربان ہو جائے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۹

۲۸۹	۳۲۹	۶۶	۱۰۲
۶۵	۱۰۳	۲۸۸	۳۳۰
۱۰۴	۶۸	۳۲۷	۲۸۷
۳۲۸	۲۸۶	۱۰۵	۶۷

یہاں سے کاٹئے

ضروری ہدایات :- یہ نقش ایک بزرگ درویش (پہنچے ہوئے فقیر) کی مہربانی سے حاصل ہوا ہے۔ ان کے حکم کے مطابق یہ نقش جو کہ پنڈت دیوی دیال کی چھپی ہوئی مفید عام جنتری کے ... نمبر ... پر چھپا ہے کاٹ کر کالے کپڑے میں لپیٹ کر یا تعویذ میں رکھ کر بائیں بازو میں باندھنے سے خدا نے چاہا تو یقیناً کامیابی ہوگی۔ مگر شرط یہ ہے کہ نیت پاک و صاف ہونا۔ خدا پر پورا بھروسہ ہونا نہایت ضروری ہے۔ کامیابی حاصل کرنے کے لئے محنت و ایمانداری سے کام کرنا۔ (۲) نقش کو دوسرے کاغذ پر نقل کر کے استعمال کرنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ غلطی ہونے کا اندیشہ ہے جس کا اثر الٹا ہو سکتا ہے۔ لہٰذا جنتری سے ہی کاٹ کر استعمال کریں تاکہ کسی غلطی کا احتمال نہ رہے۔

بارہ ماہ کی مفید و مفت ہدایت نامہ

جنوری — اس ماہ صبح نہار منہ چند گھونٹ گرم پانی پینا صبح سیر کو جانا گرم جگہ تیل کی مالش کر کے ورزش کرنا دھوپ میں بیٹھنا مفید ہے سورج نکلنے سے حوائج ضروری سے فارغ ہو کر تازہ پانی سے غسل کرنا مفید ہے

فروری — اس ماہ میں دھوپ میں بیٹھ کر مالش کرنا۔ گرم پانی سے نہانا۔ صبح کھلی ہوا میں سیر کرنا نمکین چیزیں اور دودھ میں شہد ملا کر پینا مفید ہے بستر سے نکلے بدن ڈھک کر پاخانہ جانا سرد ہوا اور شبنم سے بچنا محفوظ رکھنا مکان میں کوئلے جلا کر دروازہ بند کرنا۔ سرد پانی سے نہانا دن میں سونا مضر ہے۔

مارچ — علی الصباح ہلکی ورزش۔ سیر باغ۔ شہد اور ترکاریوں کا بخوبی استعمال۔ موٹا کپڑا پہننا اور دریا میں غسل کرنا مفید ہے کھانا کھا کر فوراً نہ سونا چاہئے کچھ دیر آہستہ آہستہ ٹہلنا چاہئے۔

اپریل — بلکہ جلاب لینا۔ ہلکی غذا کھانا۔ کھانے کے ساتھ سرکہ استعمال کرنا۔ تازہ پانی پینا۔ تازہ پانی سے نہانا صبح کی سیر اور مکان کی سفیدی کرانا۔ صبح سویرے نہا دھو کر باقاعدہ آسن پرانایام کرتے ہیں جسم سڈول اور تندرست رہتا ہے بدن پر تیل سرسوں کی مالش کرنا مفید ہے۔

مئی — علی الصبح اٹھنا۔ ورزش کرنا۔ ترش اشیا کا استعمال کھانے کے بعد تھوڑا لیٹنا۔ کھانا خوب چبا کر کھانا چاہئے اور گرم غذا کھانا۔ دوپہر کو زیادہ سونا برف کا استعمال باریک کپڑے پہننا مضر ہے

جون — سر کو دھوپ سے بچانا دھوپ اور ٹھنڈی چیزوں و شربتوں نیز میٹھے اور نمکین رسوں کا استعمال کرنا صبح کی سیر۔ رات کو سفر دوپہر کو سونا مفید ہے اور زیادہ ورزش بدن ننگا رکھنا بھیگے کپڑے پہننا۔ دھوپ میں ننگے سر پھرنا عورت سے زیادہ صحبت اور گرم اشیا کا استعمال مضر صحت ہے

جولائی — صبح سویرے ندی کے کنارے سیر کرنا دوپہر کو تھوڑا سونا ہوادار مکان میں رہنا ترش اور ٹھنڈی اشیا اور ہلکا لباس پہننا مفید ہے اور ورزش۔ گرم غذا دھوپ میں پھرنا۔ مضر صحت ہے۔

اگست — صبح سویرے اٹھنا تازہ پانی سے نہانا باغیچہ میں چہل قدمی ہلکی غذا لیموں پودینہ اور پیاز کا استعمال مفید ہے دن کے آخر میں دودھ رات کے آخر میں پانی اور کھانے کے آخر میں لسی پینی چاہئے اور ورزش زمین پر سونا دھوپ میں ننگے بدن رہنا رات کو جاگنا عورت سے زیادہ صحبت زیادہ مضر ہے

ستمبر — علی الصبح دریا کے کنارے سیر ہلکی غذا تھوڑی ورزش تازہ سبزیاں اور پھل استعمال کرنا ... کو سرمہ لگانا مفید ہے ہمیشہ خوش رہنا درازی عمر کا راز ہے اور دن کو سونا ... مضر ہے

اکتوبر — نہار منہ پانی پینا صبح شام چہل قدمی کرنا جلاب لینا بھوک سے کم کھانا دودھ دہی کا استعمال باغ کی سیر چشمہ میں غسل کرنا اور موٹا کپڑا پہننا مفید ہے سونے سے جاگ کر پانی پینے سے نزلہ کھانسی زکام اور پھل کھانے کے بعد پانی پینے سے صحت خراب ہوتی ہے دن چڑھے تک سونا گرم غذا کے بعد ٹھنڈا پانی

نومبر — صبح اٹھ کر ورزش کرنا۔ بھینس کا گرم دودھ اور چائے پینا۔ تازہ پانی سے نہانا۔ ریشمی گرم کپڑے پہننا سیر باغیچہ تیل کی مالش اور دوپہر کو پھل کھانا مفید ہے اور دن چڑھے تک دن کو سونا۔ دہی کی لسی خاص کر رات کو سرد ہوا میں سونا ننگے بدن ہوا میں نکلنا باریک کپڑے پہننا بھوک روکنا مضر ہے

دسمبر — گرم جگہ ورزش کرنا۔ چائے معہ دودھ پینا گلے دکانوں کو ... ہوا سے بچانا گرم غذا ... کی بدن پر مالش گرم لباس پہننا اور دوپہر کو پھل کھانا مفید ہے

مستند فالنامہ خواجہ غریب نواز رحمتہ اللہ علیہ

فال دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو سات بار درود شریف پڑھ کر خیالات یکسو کر کے کسی بھی خانہ پر کلمہ کی انگلی رکھو۔ جو حرف اور جواب انگلی کے نیچے آئے جوابات میں ملاحظہ فرمائیں۔

ر ۳	ق ۱	م ۴	ص ۶
ط ۷	الف ۲	ج ۱۲	ی ۱۰
س ۵	ن ۸	ع ۹	ل ۱۱

(ق ۱) تمہارے ذہن میں جو مقصد ہے اس کے پورا ہونے میں کم از کم دو ماہ لگیں گے۔
(الف ۲) یہ کام پورب کے سفر سے پورا ہوگا۔
(ر ۳) مالی نقصانات کے علاوہ ابھی جسمانی اذیتیں بھی برداشت کرنا پڑیں گی۔ صدقات و خیرات جلد شروع کرو مصیبتیں دور ہوں گی۔ (م ۴) مالی فائدہ بھی پہنچے گا اور دل مقصود بھی ملیگا گناہ کا خیال ہرگز دل میں نہ ہوگا (س ۵) سفر کرو بغیر سفر مطلب برآری مشکل ہے۔
(ص ۶) پریشان مت ہو وقت اچھا آرہا ہے جس کی مدد کا خیال ہے اسے نکال دو۔ ورنہ سخت دھوکہ ہوگا اور مالی نقصان ہوگا۔ (ط ۷) جس کام کی تمہیں فکر ہے اس میں کافی عرصہ لگے گا گھبرا مت جانا کام ہونا یقینی ہے صبر ضروری ہے۔ (ن ۸) اس چیز کا ملنا بہت مشکل ہے۔ زیادہ کوشش سے تمکو نقصان پہنچنے کا احتمال ہے (ع ۹) فکر و پریشانی کا زمانہ ختم ہو چکا ہے جو تم کو نقصان پہونچا رہا ہے اب اس کی پریشانی کا نمبر ہے۔ (ی ۱۰) اس وقت تمہارا ستارہ گردش میں ہے جو کام کرتے ہو نقصان اٹھاتے ہو۔ یہ حالت اب جلد ختم ہونے والی ہے۔ (ل ۱۱) لائق استاد تلاش کرو کام کچھ خرچ کرنے کے بعد ہی ہوگا۔ اپنے ساتھی سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے (ج ۱۲) روزگار میں ترقی ہوگی۔ نیت درست رکھو۔ لیکن فاسد خیال جو تمہارے دل میں ہے اسے قطعی نکال دو۔

علمِ مسمریزم

قوتِ روحانی :- مسمریزم کے شائقین کو سب سے اول آنکھوں اور ہاتھوں میں اس مقناطیسی طاقت کو پیدا کرنا چاہیئے۔ جس کی تاثیر سے جسم میں تقویت چہرہ پر روشنی اور آئندہ و گذشتہ جنموں کے بارے میں معلومات حاصل کرنا بہت آسان ہو جاتا ہے۔ اس طاقت کے حاصل کرنے میں عامل جتنی محنت اور یتن کرتا ہے اتنی ہی روحانی طاقت اس میں بڑھتی جاتی ہے یہاں تک کہ وہ روشن ضمیر ہو جاتا ہے اس کے اندر کافی روشنی پیدا ہو جاتی ہے وہ قدرت کے تمام نظاروں کو روشن ضمیری سے ایک جگہ بیٹھے ہوئے دیکھ سکتا ہے اس مشق کے بڑھنے سے وہ اس مقام تک پہنچ جاتا ہے جس سے وہ پرماتما کے اصل نور سے واصل ہو جاتا ہے اور خواہش پدری کو پالیتا ہے۔

روشن ضمیری کی مشق :- جب شکل پکش کی پڑوا سے چاند ناپکش ہو کر اس وقت اس عمل کو شروع کرنا چاہیئے۔ اس عمل کو شروع کرنے کے وقت ایک آسن پر گوشۂ تنہائی میں دوزانو بیٹھ کر کسی شے کا تصور کرو جو سب سے زیادہ مرغوب ہو۔ اگر انسان ہے تو اسکی طرف متوجہ ہو۔ خیال کرو کہ یہ تمہارا معمول اور تم اس کے عامل ہو۔ پس اپنے مقابل معمول کو جنوب کی طرف رخ کر کے بٹھاؤ یعنی پشت اس کی شمال اور منہ جنوب کی طرف ہو اور عامل اس کے بالمقابل آنکھیں بند کر کے اس کے تصور کو اپنے سامنے رکھے اور کوشش و استقلال سے اس خیال و تصور میں کسی غیر خیال کو اپنے درمیان سے روکنے کی کوشش رکھے۔ اگر پہلے دن وہ تصور ایک منٹ کا رہا ہو تو دوسرے دن دو منٹ کا ہونا چاہیئے اگر گھنٹہ یا ڈیڑھ گھنٹہ اسی طرح سے مشق کرو گے تو پھر ایک دن اب آئیگا کہ وہ چند منٹ بلا کسی خلل اندازی کے اپنے معمول کے تصور کو اپنی آغوش میں قوت مقناطیسی کے تحت رکھ سکے گا۔ یہ قوت قدرتاً حیوانات نباتات اور جمادات میں بھی موجود ہے جس کی خاصیت سے دنیا کا کاروبار چل رہا ہے۔ یہ مقناطیسی قوت ہاتھ کی انگلیوں اور ماتھے کے علاوہ سانس اور آنکھ کے ذریعے خارج ہوتی ہے جس کی وجہ سے یہ اپنے خیالات کو ایک نقطہ پر قائم نہیں رکھ سکتے۔

قوت روحانی :- قوت روحانی میں انتشار خیالات کا سب سے بڑا بادشاہ دل قرار دیا گیا ہے جس کے دو وزیر یعنی آنکھیں وزیر داخلہ اور کان وزیر خارجہ ہیں اسمیں دل کو دو قسموں کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ ایک خواہش اپنی اور دوسری اس کو شکر پیدا ہوتی ہے کان کسی نیک و بد آواز کو سنکر اسکو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں اور بعد ازاں آنکھوں کے ذریعے اس کو دیکھنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے اس لئے کانوں سے ایسی باتیں جو اس طاقت کے حاصل کرنے میں مانع ہوتی ہیں ہرگز سننے کی خواہش نہ کرو اور ناک کے ذریعہ کوئی ایسی چیز مت سونگھو جو تمہارے دل و دماغ کو پراگندہ کرتی ہے آنکھوں سے ایسی چیز دیکھنے کا خیال نہ کرو جو تمہارے دماغ کو منتشر کرے جسم سے ایسی طاقت ضائع نہ کرو جو تمہاری سب طاقتیں برقرار رکھنے کی رہنما ہے۔ اس ترکیب مشق کے ذریعہ جو لوگ انتشار خیالات کو روک کر اپنے دل کی توجہ ایک مرکز پر قائم کر لیتے ہیں وہ خود بخود روشن ضمیر ہو کر اپنی قوت روحانی کے ذریعہ دوسروں کو خود بخود اپنا مطیع کر لیتے ہیں۔ جب یہاں تک مشق بڑھ جائے تو اس کے بعد سورج طلوع ہونے سے قبل ایک خالی اور تنہا مکان میں جہاں کوئی دوسرا موجود نہ ہو، چوکڑی مار کر بیٹھ جاؤ اور دونوں ہاتھ دونوں زانوؤں پر رکھکر آنکھیں بند کر لو اور دل کو ادھر ادھر جانے سے روک دو اس میں چند روز تکلیف ضرور محسوس ہوگی کیونکہ دل ادھر ادھر بھٹکے گا لیکن بالآخر یہ قابو ہو جائے گا۔

دوسری مشق :- جب یہاں تک مشق بڑھ جائے تو اس کے بعد گلاس میں پانی لو اگر مرض سردی سے ہو تو بند لیو تصور اس پانی میں سورج کو دیکھو اگر گرمی سے ہو تو چاند پر نظر جماؤ اس وقت عامل جس سیارے کا خیال کرے گا وہی نظر آئیگا نظر جمانے وقت خواہش کرنی چاہیئے کہ مرض دور ہو جائے پھر وہ پانی مریض کو پلا دو۔ پانی حلق سے اترتے ہی مریض کو شفا ہوگی۔ مفصل علم مسمریزم ہم سے منگوا لیں۔

دنیا کی چند مہان شکتیوں کی جنم کنڈلیاں

شری گنیش جی — شری رام چندر جی — شری کرشن جی

شری ہنومان جی — گورو نانک دیو جی — مہاتما بدھ

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم — مہاتما یسوع مسیح — لنکاپتی راون

مہاتما گاندھی — لوکمانیہ تلک — پنڈت مدن موہن مالویہ

پنڈت جواہر لال نہرو — ڈاکٹر راجندر پرشاد — نیتاجی سبھاش چندر بوس

شیام پرشاد مکرجی — لال بہادر شاستری — ولبھ بھائی پٹیل

جب ہماری گھڑیاں ۱۲ بجاتی ہیں

نام ملک	نام شہر	وقت	نام ملک	نام شہر	وقت
برطانیہ	لندن	صبح ۶-۳۰	پاکستان	کراچی	دوپہر ۱۱-۳۰
تھائی لینڈ	بنکاک	رات ۹-۳۰	روس	ماسکو	صبح ۹-۳۰
سعودی عرب	مکۃ المکرمہ	صبح ۹-۳۰	چین	پیکنگ	دوپہر ۲-۳۰
ملیشیا	کوالالمپور	" ۲--	عراق	بغداد	صبح ۹-۳۰
فرانس	پیرس	" ۷-۳۰	امریکہ	نیویارک	دوپہر ۲-۳۰
کینیا	نیروبی	" ۱۰ بجے	جاپان	ٹوکیو	" ۲-۳۰
ایران	طہران	" ۱۰ "	پولینڈ مغربی جرمنی	برلن	صبح ۷-۳۰
افغانستان	کابل	" ۱۱ "	مصر	قاہرہ	" ۸-۳۰
ہنگری	بڈاپسٹ	" ۷-۳۰	سوئٹزرلینڈ	جنیوا	" ۷-۳۰
برما	رنگون	دوپہر ۱ بجے	کینیڈا	[illegible]	رات ۱۱-۳۰
سنگاپور	سنگاپور	" ۱ "	اٹلی	[illegible]	صبح ۷-۳۰

فہرست عرس مبارک مسلم اولیاء کرام ہندوستان

نام بزرگ	مقام	تاریخ ہجری	نام بزرگ	مقام	تاریخ ہجری
لنگر صاحب	حیدرآباد	۱۱ر محرم الحرام	حضرت امام صاحب	سیالکوٹ	۱۷ر ؍؍
بھورے میاں صاحب	رام پور	۱۴ر ؍؍	شاہ دولہا دریائی	گجرات	۱۹ر ؍؍
بابا فرید الدین گنج شکر	پاک پٹن	۵ر ؍؍	نظام الدین	دلی	۱۵، ۱۷ر ؍؍
شیخ عبداللہ صاحب	گوالیار	۲۰ر ؍؍	حضرت نیاز احمد	بریلی	۱۹ر ؍؍
بابا بھول شاہ	اجمیر	۲۵ر ؍؍	شمس الدین	پانی پت	۱۹ر ؍؍
شاہ ولی اللہ	دلی	۲۵ر ؍؍	حبیب اللہ شاہ نقشبندی	فیروزپور چھاؤنی	۱۹ تا ۳۰ ؍؍
شاہ جمال	رام پور	۱-۴ر صفر	مولانا ثناء اللہ	پانی پت	یکم رجب
غوث پاک	راولپنڈی	۱۳ر ؍؍	خواجہ معین الدین چشتی	اجمیر	۶ر ۱۱ر ؍؍
خواجہ شمس الدین	سیالکوٹ	۱۳-۱۵ ؍؍	میاں بادشاہ	لاہور	۸ر ؍؍
عبدالرحیم	دلی	۱۳ر ؍؍	عبدالحکیم	؍؍	۱۳ر ؍؍
میاں کالے	دلی	۱۴ ؍؍	خواجہ شمس الدین	عثمان آباد	۱۶ر ؍؍
مراد اللہ	لکھنو	۱۴ ؍؍	شاہجہاں بادشاہ	آگرہ	۱۶ر ؍؍
داتا گنج بخش	لاہور	۲۰ ؍؍	خواجہ ناصر دہلوی	دلی	۲ر شعبان
شاہ مینا	لکھنو	۲۲ ؍؍	فضل علی	علیگڈھ	۱۱ ؍؍
علی شاہ	دلی	۲۲ ؍؍	مولانا نولی	لکھنو	۲۲ ؍؍
محمد ابوالحسن	حیدرآباد	۲۴ ؍؍	مولانا انوار الحق	لکھنو	۲۶ ؍؍
مخدوم شاہ علی	کانپور	۲۸ ؍؍	اکبر بادشاہ	آگرہ	۲۷ ؍؍
شیخ احمد صاحب	سرہند	۲۸ ؍؍	بندگی شاہ	سکندرآباد	۲۹ ؍؍
صادق شاہ	کانپور	۲۸ ؍؍	بوعلی شاہ قلندر	پانی پت	۱۳ر رمضان
شیخ مجدد الفثانی	سرہند	۲۷-۲۹ ؍؍	سید محمد غوث	گوالیار	۱۴ر ؍؍
محمد کابل	جلال پور	۴ر ربیع الاول	نصیر الدین چراغ دہلوی	دلی	۱۵، ۱۷ر ؍؍
میاں شیر محمد	شرقپور	۲ر ؍؍	پیر شاہ ولایت	دیوبند	۲۱ ؍؍
روشن بخش	اورنگ آباد	۶ر ؍؍	مولانا فضل الرحمٰن	مرادآباد	۱۴ ؍؍
میاں میر	لاہور	۷ر ؍؍	میاں وڈے شاہ	لاہور	۵ر شوال
قدیم شریف	آگرہ	۱۱ر ؍؍	شاہ عبدالعزیز	دلی	۷ر ؍؍
مخدوم علاؤالدین صابر	کلیر	۸-۱۳ر ؍؍	پیر عظمت علی شاہ	دیوبند	۵-۸ر ؍؍
شاہ محمد غوث	لاہور	۱۶ر ؍؍	شاہ احمد سرور	مرادآباد	۸ر ؍؍
شاہ ابوالاعلیٰ	لاہور	۱۷ر ؍؍	شہید ثالث	آگرہ	۱۲ر ؍؍
قطب الدین بختیار کاکی	مہرولی دلی	۱۸ر ؍؍	مادھو لال حسین	لاہور	۱۸ر ؍؍
خواجہ نظام الدین اولیاء	دلی	۱۷ر ؍؍	خواجہ امیر خسرو	دلی	۱۷، ۱۸ر ؍؍
شاہ جمال	لاہور	۲ر ربیع الثانی	کریم اللہ شاہ	بمبئی	۸ر ذیقعدہ
حافظ علی	مرادآباد	۳ر ؍؍	جہالم شریف	؍؍	۱۲ر ؍؍
سائیں حبیب اللہ شاہ	فیروزپور چھاؤنی	۲۹، ۳۰ ؍؍	شاہ نظام	اورنگ آباد	۱۲ر ؍؍
نظام الدین	دلی	۱۶ر ؍؍	حضرت عبدالخالق	بہاولپور	۲۸ر ؍؍
شاہ دریائی	گجرات	۱۹ر ؍؍	سید باسلی	الہ آباد	۱۵-۱۸
صوفی محمد امام	گڑھ مکتیشور	۲۳ر ؍؍	حاجی محمد ونجا	کشمیر	۱۷ر ذالحج
چشتی صاحب	رام پور	۲۶ر ؍؍	خلیفہ محمد رمضان نقشبندی	لاہور	۲۲ ؍؍
					تاریخ عیسوی
حضرت سید صاحب	کوہاٹ	۲۶-۲۷ ؍؍	عرس نیاز احمد شاہ	کرتارپور	۲۸ر جون
بی بی پاکدامن	لاہور	۶ر جمادی الثانی	عرس نیاز دو شاہ	؍؍	۱۷ر اکتوبر
[illegible] زینب	دلی	۷ر ؍؍	عرس امام ناصر	جالندھر	۱۲ر ستمبر
محمد فضل شاہ	لکھنو	۹ر ؍؍	عرس میاداد رباد	پھلور	۱۰ر ۱۲ر ستمبر

کنڈلی میں منگلیک یوگ وچار

لڑکے یا لڑکی کی جنم کنڈلی میں اگر پہلے چوتھے ساتویں آٹھویں یا بارہویں گھر میں منگل پڑ جائے تو ایک دوسرے کی زندگی کیلئے ناقص ہوتے ہیں۔ اگر ایک ور کی کنڈلی منگلیک ہو اور دوسری (کنیا) منگلیک نہ ہو تو شادی نہیں کرنی چاہئے۔ اگر دونوں کی کنڈلیاں منگلیک ہو تو شادی کرنے میں کوئی دوش نہیں ہے۔ اگرچہ یونی گن، ناڑی گن وغیرہ کا میلان بھی کر لینا چاہیئے۔ چند دوسری حالتوں میں منگلیک دوش ختم ہو جاتا ہے اگر:

۱۔ دوسری مخالف کنڈلی میں ۱، ۴، ۷، ۸، اور ۱۲ ویں گھر میں کہیں سنیچر پڑا ہو۔

۲۔ بلوان برہسپت شکر لگن یا ساتویں بھاؤ میں ہو تو منگل دوش نہیں رہتا

۳۔ اگر ایک کنڈلی میں جس جگہ منگل پڑا ہو۔ دوسری کنڈلی میں اسی خانہ پہ کوئی طاقتور پاپی گرہ ہو تو منگل دوش نہیں رہتا۔

۴۔ راشی کا میلان ہوتا ہو گن بھی ایک ہوں یا تیس یا تیس سے زیادہ گنوں کا میلان ہوتا تو منگلیک دوش نہیں رہتا۔

۵۔ کیندر یہ سستھان میں چندر منگل کی یوتی بھی منگل دوش نہیں رہتا۔

قومی میلے اور عرس جموں وکشمیر

حاجی محمد مراد بخاری صاحب	۱۷ر ذی الحجہ	میر سرک صاحب اندرابی صاحب	۵ر صفر
حضرت مولانا نعیم الدین ؍؍	۱۸ر ؍؍	امام موسیٰ علی رضا ؍؍	۹ر ؍؍
حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی ؍؍	۱ر محرم الحرام	خواجہ نجم الدین احمد کبریٰ ؍؍	۱۷ر ؍؍
میر حیدر لاری تولہ مولا ؍؍	۸ر ؍؍	شیخ مخدوم کشمیری ؍؍	۲۴ر ؍؍
یوم عاشورہ ؍؍	۱۰ر ؍؍	مولانا احمد رضا خاں ؍؍	۲۵ر ؍؍
بابا نصیب الدین غازی ؍؍	۱۲ر ؍؍	عرس حضرت کاکا ؍؍	۲۹ر ؍؍
سید محمد حالی کھپرلورہ ؍؍	۱۲-۱۶ ؍؍	شاہ ہمدان کاشمیری ؍؍	۶ر ربیع الاول
امام زین العابدین رد ؍؍	۱۸ر ؍؍	شیخ عبدالقادر جیلانی ؍؍	۱۱ر ؍؍
میاں شاہ صاحب قادری ؍؍	۱۹ر ؍؍	عید میلادالنبیؐ ؍؍	۱۲ر ؍؍
شیخ قمر الدین شیرگڑھی ؍؍	۲۴ر ؍؍	میر محمد ہمدانی ؍؍	۱۷ر ؍؍
حضرت مخدوم اشرف جہانگیر ثانی ؍؍	۲۸ر ؍؍	شاہ نعمت اللہ قادری ؍؍	۲۶ ؍؍
شیخ بابا داؤد خاکی رد ؍؍	۲ر صفر	وفات سید مظفر شاہ ؍؍	۱۰ر جمادی الاول

اہلِ اسلام کے تیوہار کب اور کیوں منائے جاتے ہیں

محرم الحرام	۱۰ر محرم	اِس دن امام حسین نے وفات پائی۔ اُن کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے۔
چہلم شہید کربلا	۱۹ر صفر	اِس دن محرم سے ۴۰ ویں کربلا میں جاکر شوک منایا جاتا ہے۔
آخری چہار شنبہ	صفر آخری بدھوار	حضرت محمدؐ بیماری سے صحتیاب ہوئے کو صفر کے آخری بدھوار غسل کے بعد فوت ہو گئے
عید میلاد النبی	۱۲ر ربیع الاول	اِس دن حضرت محمدؐ صاحب کا جنم ہوا تھا۔
بارہ وفات	؍؍ ؍؍	اس دن حضرت محمدؐ صاحبؐ اس دنیا سے رحلت فرما گئے۔
گیارہویں شریف	۱۱ر ربیع الثانی	اس دن سید غوث اعظم بغداد وفات پا گئے۔ محتاجوں کو کھانا کھلایا جاتا ہے۔
شب معراج	۲۶ر رجب	اس دن حضرت محمدؐ اللہ تعالیٰ کی دعوت پر عرش معلےٰ پر ملاقات کرنے کیلئے گئے تھے۔
شب برات	۱۴ر شعبان	سال بھر کے اچھے کاموں کا اس دن عوضانہ ملتا ہے۔ یہ رات نہائت متبرک ہے۔
جمعۃ الوداع	رمضان آخری جمعہ	رمضان مہینے کے آخری جمعہ کے دن مسلمان اکٹھے ہو کر نماز ادا کرتے ہیں۔
عید الفطر	یکم شوال	رمضان کے تمام روزے ختم ہونے پر یکم شوال کو مسلمان مناتے ہیں۔
عید الاضحیٰ	۱۰ر ذی الحجہ	حضرت ابراہیم نے خُدا کے حکم پر اپنے پیارے بیٹے حضرت اسمٰعیل کی قربانی دی۔
روزے	تمام رمضان	اس مہینے قرآن حضرت محمد رسول اللہ پر نازل ہوا تھا۔ لہٰذا سب سے مقدس مہینہ ہے۔

گرہوں کی دشاؤں کا بیان

